PAPER CODE NUMBER: 3027

2024 (1st-A)

رول نمبر ________

MTN-1-24

## سیکنڈری سکول امتحان پارٹ - II ( جماعت دہم )

| اردو ( لازمی ) پرچہ - دوسرا | گروپ - پہلا | معروضی | وقت = 20 منٹ | کل نمبر = 15 |
|---|---|---|---|---|

سوال نمبر 1۔ ہرسوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہرسوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | نام دیو مالی کی وفات ہوئی۔ | بخار سے | مکھیوں کے کاٹنے سے | سانپ کے کاٹنے سے | نامعلوم مرض سے |
| 2 | ڈاکٹر محمد اقبال" رات کتنے بجے جانماز پر جا بیٹھتے ؟ | دو تین بجے | اڑھائی تین بجے | دو اڑھائی بجے | اڑھائی بجے |
| 3 | " بہت کچھ لکھنا چاہتا تھا لیکن تھک گیا " رشید احمد صدیقی نے یہ جملہ کس کے نام لکھا؟ | سیّد بشیر الدّین | ظہیر احمد صدیقی | ڈاکٹر محمد حسن | مولانا ضیا احمد |
| 4 | سلطان احمد کتنے سال کی عمر میں تخت نشین ہوا؟ | سولہ | سترہ | چودہ | پندرہ |
| 5 | " اتحاد " کے درست اعراب ہوتے ہیں۔ | اِتّحَادُ | اِتُحَادُ | اِتُحّادُ | اِتِّحَادُ |
| 6 | کون، کِس، کِن وغیرہ کا تعلق اسم ______ سے ہے۔ | صفت | استفہام | تصغیر | ظرف |
| 7 | ایسے حروف جو دو اسموں کا آپس میں تعلق پیدا کریں حروف ______ کہلاتے ہیں۔ | عطف | بیان | علّت | اضافت |
| 8 | " آنا " مصدر سے فعل مضارع کی گردان میں " جمع حاضر " ہوتا ہے۔ | وہ آئیں | ہم آئیں | علی اور احمد آئیں | تم آؤ |
| 9 | نظم " کسان " کے پہلے شعر کے دوسرے مصرعہ میں کس وقت کا منظر بیان ہوا ہے؟ | دن کا | صبح کا | شام کا | دوپہر کا |
| 10 | دلاور فگار کا سارا مزاحیہ کلام ______ کے عنوان سے شائع ہوا ہے۔ | کلیاتِ دلاور فگار | شامتِ اعمال | ستم ظریفیاں | آداب عرض |
| 11 | " معذرت " کا درست اعراب ہوتا ہے۔ | مَعُذُرَتُ | مَعُذِرَتُ | مَعُذَرَتُ | مَعَذِرَتُ |
| 12 | درسی کتاب میں موجود ادا جعفری کی غزل ان کے کس مجموعہ سے لی گئی ہے؟ | شہرِ درد | سازِ سخن بہانہ ہے | میں ساز ڈھونڈتی رہی | غزالاں تم تو واقف ہو |
| 13 | سجاد حیدر یلدرم کا دورِ حیات ہے۔ | ۱۸۸۰ء تا ۱۹۴۳ء | ۱۸۸۰ء تا ۱۹۴۲ء | ۱۸۸۲ء تا ۱۹۴۴ء | ۱۸۸۲ء تا ۱۹۴۵ء |
| 14 | اسلام اپنے نظریاتی پہلو کو نمایاں کرنے کے لیے اپنے ماننے والوں کو نام دیتا ہے۔ | قومیّت | وطنیّت | ملّت | معاشرت |
| 15 | پرستان میں پھل دار پودے بڑے تھے۔ | گز بھر | چھ چھ فٹ | ایک ایک فٹ | بالشت بھر |

www.pakcity.org

رول نمبر MTN-1-24

## سیکنڈری سکول امتحان پارٹ - II ( جماعت دہم )

اردو ( لازمی ) پرچہ - دوسرا | گروپ - پہلا | انشائیہ | وقت = 2.10 گھنٹے | کل نمبر = 60

نوٹ۔ جوابی کاپی پر وہی سوال نمبر اور جزو نمبر درج کیجیے جو کہ سوالیہ پرچے میں درج ہے۔

### حصہ اول

2۔ درج ذیل اجزا میں سے نظم کے تین اور غزل کے دو اشعار کی تشریح کیجیے۔ 10 = 5 x 2

"حصہ نظم"

(i) پانی تھا آگ، گرمیِ روزِ حساب تھی
ماہی جو سیخِ موج تک آئی، کباب تھی

(ii) یہ جہاد اللہ کے رستے میں بے تیغ و سپر!
ہے جسارت آفریں شوقِ شہادت کس قدر

(iii) جُھٹ پٹے کا نرم رَو دریا، شفق کا اِضطراب
کھیتیاں، میدان، خاموشی، غروبِ آفتاب

(iv) میرے بیٹے کو مبارک یہ خُوش گوار گھڑی
کہ سر کا درد بڑھا ناک میں نکیل پڑی

"حصہ غزل"

(v) مَیں درماندہ اس بارگاہِ عطا کا
گنہ گار ہوں، اک خطا ہو گئی ہے

(vi) بات یہ ہے کہ سکونِ دلِ وحشی کا مقام
کُنجِ زنداں بھی نہیں وُسعتِ صحرا بھی نہیں

(vii) تھے کتنے ستارے کہ سرِشام ہی ڈوبے
ہنگامِ سحر کتنے ہی خورشید ڈھلے ہیں

### حصہ دوم

3۔ درج ذیل اقتباسات کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے۔ 10 = 5 + 5

(الف) ایسا معلوم ہوا کہ جیسے کوئی پالکی کے پاس بول رہا ہے۔ مُنہ نکال کر جو دیکھا تو بیگم کیا کہوں، ایک بے چا کی شکل کا آدمی تھا۔ بکرے کا سامنہ، گھوڑے کی سی ٹانگیں اور پالکی آپ ہی آپ چلی جاتی تھی۔ نہ کہار تھے، نہ کہاریاں، اب تو ڈر کے مارے میرا دم گُھٹنے لگا۔ آنکھیں بند کرلیں اور کلمہ پڑھنے لگی۔ ڈھیر ہو کر رہ گئی۔

(ب) ہر شخص میں قُدرت نے کوئی نہ کوئی صلاحیت رکھی ہے، اس صلاحیت کو درجۂ کمال تک پہنچانے میں ساری نیکی اور بڑائی ہے۔ درجۂ کمال تک نہ کبھی کوئی پہنچا ہے، نہ پہنچ سکتا ہے لیکن وہاں تک پہنچنے کی کوشش ہی میں انسان، انسان بنتا ہے۔ یہ سمجھو کُندن ہو جاتا ہے۔ حساب کے دن جب اعمال کی جانچ پڑتال ہوگی، خدا یہ پوچھے گا کہ مَیں نے جو اِستعداد تجھ میں وَدیعت کی تھی، اسے کمال تک پہنچانے اور اس سے کام لینے میں تُو نے کیا کِیا اور خلق اللہ کو اس سے کیا فیض پہنچایا؟

4۔ درج ذیل سوالات میں سے پانچ کے مختصر جوابات تحریر کیجیے۔ 10 = 5 x 2

(i) نظم " نعت " کے مطابق " انسان کو انسان کا عرفان ہونے " سے کیا مراد ہے؟
(ii) مرزا محمد سعید کی معرکۃ الآرا کتاب کا نام اور مرتبہ بیان کیجیے۔
(iii) علامہ محمد اقبالؒ نے مسلمانوں کے لیے الگ وطن کا مطالبہ کب اور کہاں کیا؟
(iv) سبق " مُلمّع " میں لڑکی سفر کیوں کر رہی تھی؟
(v) کسان نے چغل خور کو کن شرائط پر ملازم رکھا؟
(vi) نام دیو مالی ڈاکٹر نہیں تھا لیکن لوگ بچوں کے علاج کے لیے اس کے پاس کیوں آتے تھے؟
(vii) " میدانِ کربلا میں گرمی کی شدت " میں جانداروں کا ذکر آیا ہے، ان کے ناموں کی فہرست تیار کیجیے۔
(viii) جگر مراد آبادی کی غزل کے مطلع میں کس حقیقت کی طرف اشارہ کیا گیا ہے؟

5۔ کسی ایک نثری سبق کا خلاصہ لکھیے۔ 5

(الف) نظریۂ پاکستان (ب) علی بخش

6۔ کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے۔ 15

(i) تندرستی ہزار نعمت ہے (ii) سیلاب کی تباہ کاریاں (iii) سائنس کے کرشمے

7۔ درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیے۔ 10 = 5 x 2

غالب نے القاب و آداب، مزاج پرسی و خیریت نگاری کا قدیم دستور، جس سے سرمو تجاوز کرنا روا نہ رکھا جاتا تھا، بالکل ترک کر دیا۔ یہ بات نہیں ہے کہ یہ باتیں لکھتے ہی نہ تھے، مگر ان قاعدوں کے اور ان کی ترتیب کے پابند نہ تھے۔ القاب و آداب بالکل چھوڑ دیتے اور اول سطر سے مضمون شروع کر دیتے تھے، کبھی لکھتے تھے تو نئے، مختصر، موزوں القاب لکھتے تھے۔ مثلاً " میاں۔" "برخوردار "۔ " بندہ پرور "۔ " مہاراج "۔ " پیرومرشد "۔ " بھائی صاحب۔" اس سے زیادہ لکھا تو " میری جان کے چین میاں سرفراز حسین"۔ " میرے مہربان، میری جان، مرزا تفتہ سخن دان " کبھی یہ سب غائب اور خط اس طرح سے شروع: " صاحب تم کیا چاہتے ہو؟" ----یا---- " مار ڈالا یار تیری جواب طلبی نے۔" اسی طرح دعا، سلام اور اپنا نام اور تاریخ تحریر لکھنے میں بھی کوئی پابندی نہ تھی۔

سوالات:۔
(i) خط لکھنے کے ضروری اجزا تحریر کیجیے۔
(ii) غالب نے قدیم دستور سے تجاوز کیوں کیا؟
(iii) غالب نے مکتوب نگاری میں کیا جدت پیدا کی؟
(iv) کسی کو خط لکھنے کا مقصد بیان کیجیے۔
(v) غالب کے خطوط کی زبان کیسی ہے؟

www.pakcity.org

| PAPER CODE NUMBER: 3026 | 2024 (1st-A) | رول نمبر ________ |
|---|---|---|
| | سیکنڈری سکول امتحان پارٹ - II ( جماعت دہم ) | MTN-2-24 |

| اردو ( لازمی ) پرچہ - دوسرا | گروپ - دوسرا | معروضی | وقت = 20 منٹ | کل نمبر = 15 |
|---|---|---|---|---|

سوال نمبر 1- ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

| نمبرشمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | " مُلَمَّع " کا لفظی مطلب ہے۔ | تصویر | قلعی | جھلک | سچ |
| 2 | ایک اندازے کے مطابق سلیمانیہ سے ملحق کتب خانے میں کتابوں کی تعداد ہے۔ | دو لاکھ | پچاس ہزار | ڈیڑھ لاکھ | ایک لاکھ |
| 3 | کتابوں کی شیرازہ بندی کے بارے مرزا غالب کو کس نے خط لکھا؟ | میرن | شیونرائن | تفتہ | میر مہدی مجروح |
| 4 | درست اعراب کونسے ہیں؟ | مَذَاھَبُ | مِذَاھَبُ | مَذَاھِبُ | مِذَاھِبُ |
| 5 | اسم عَلَم کی قسم نہیں ہے۔ | خطاب | عرف | تخلصّ | موضوع |
| 6 | وہ فعل جس کا فاعل معلوم نہ ہو، فعل ______ کہلاتا ہے۔ | معروف | مجہول | متعدی | ناقص |
| 7 | ساخت کے اعتبار سے اسم کی قسم نہیں ہے۔ | اسم جامد | اسم مصدر | اسم مکبّر | اسم مشتق |
| 8 | نظم " فاطمہ بنت عبداللہ " میں شاعر نے فاطمہ کو نور کہا ہے۔ | صحرائی | آسمانی | ارضی | جنّتی |
| 9 | نظم " مال گودام روڈ " شاعر کے کس مجموعے سے لی گئی ہے؟ | سنگینے | سنگ ریزے | اندیشۂ شہر | شہر حیات |
| 10 | لفظ " معطر " کے درست اعراب ہوں گے۔ | مُعَطِّرُ | مُعَطْرُ | مُعَطَرُ | مُعَطِرُ |
| 11 | فراق گورکھپوری کس گھرانے میں پیدا ہوئے؟ | سکھ | بدھ | ہندو | مسلمان |
| 12 | اشرف صبوحی کا عرصۂ زندگی ہے۔ | ۱۹۰۵ء تا ۱۹۹۰ء | ۱۹۰۷ء تا ۱۹۹۲ء | ۱۹۰۵ء تا ۱۹۹۲ء | ۱۹۰۷ء تا ۱۹۹۰ء |
| 13 | ہندوؤں نے مسلمانوں کو ہندو بنانے کے لیے کون سی تحریک شروع کی تھی؟ | ادھرم | شدھی | مکتی باہنی | بجرنگ |
| 14 | نام دیو مالی کو کوئی تمنا نہیں تھی۔ | محنت کی | تنخواہ کی | رعب ڈالنے کی | ستائش کی |
| 15 | کُل ہند مسلم لیگ قائم ہوئی۔ | دہلی میں | لاہور میں | ڈھاکہ میں | بمبئی میں |

www.pakcity.org

2024 (1st-A)

رول نمبر MTN-2-24

## سیکنڈری سکول امتحان پارٹ - II ( جماعت دہم )

| کل نمبر = 60 | وقت = 2.10 گھنٹے | اِنشائیہ | گروپ ۔ دوسرا | اردو ( لازمی ) پرچہ ۔ دوسرا |
|---|---|---|---|---|

نوٹ۔ جوابی کاپی پر وہی سوال نمبر اور جزو نمبر درج کیجیے جو کہ سوالیہ پرچے میں درج ہے۔

### حصہ اول

**2۔ درج ذیل اجزا میں سے نظم کے تین اور غزل کے دو اشعار کی تشریح کیجیے۔** 10 = 5 x 2

"حصہ نظم"

(i) دو عالَم کا اِمدادگار آ گیا ہے ۔۔۔ امین آ گیا، غم گُسار آ گیا ہے

(ii) زمیں پر جلوہ آرا ہیں مظاہر اُس کی قدرت کے ۔۔۔ بچھائے ہیں اُسی داتا نے دستر خوان نعمت کے

(iii) آبِ خُنک کو خلق ترستی تھی خاک پر ۔۔۔ گویا ہوا سے آگ برستی تھی خاک پر

(iv) یہ سماں اور اک قوی انسان، یعنی کاشت کار ۔۔۔ اِرتقا کا پیشوا، تہذیب کا پروردگار

"حصہ غزل"

(v) یہ وہ راستا ہے دیارِ وفا کا ۔۔۔ جہاں بادِ صَرصَر، صبا ہو گئی ہے

(vi) سلسلہ ، فتنۂ قیامت کا ۔۔۔ تیری خوش قامتی سے ملتا ہے

(vii) جو جھیل گئے ہنس کے کڑی دھوپ کے تیور ۔۔۔ تاروں کی خنک چھاؤں میں وہ لوگ جلے ہیں

### حصہ دوم

**3۔ درج ذیل اقتباسات کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے۔** 10 = 5 + 5

(الف) میرے دوست احمد مرزا ہیں، جنھیں میں بھڑ بھڑیا دوست کہتا ہوں۔ یہ نہایت معقول آدمی ہے اور میری اُن کے ساتھ دوستی نہایت پرانی اور بے تکلفی کی ہے مگر حضرت کی خِلقت میں داخل ہے کہ دوست نچلا نہیں بیٹھا جاتا۔ جب آئیں گے، شور مچاتے ہوئے، چیزوں کو اُلٹ پلٹ کرتے ہوئے۔ غرض کہ اُن کا آنا بھونچال کے آنے سے کم نہیں ہے۔

(ب) حقیقت یہ ہے کہ جنوبی ایشیا کے مسلمانوں کو، جن میں ہر نسل، ہر رنگ اور مختلف جغرافیائی خطوں کے لوگ شامل تھے، ایک ایسی قوم کے ماتحت اقلیت بن کر رہنا منظور نہ تھا جو اسلامی قومیت کے برعکس ذات پات، چھوت چھات اور بت پرستی کے بندھنوں میں جکڑی ہوئی تھی۔ چناں چہ اُنھوں نے اپنی جداگانہ قومیت یعنی اسلامی قومیت کی بنیاد پر اپنے لیے ایک جدا وطن کا مطالبہ کیا۔

**4۔ درج ذیل سوالات میں سے پانچ کے مختصر جوابات تحریر کیجیے۔** 10 = 5 x 2

(i) "عالِم کی موت عالَم کی موت ہوتی ہے۔" اس جملے کا مفہوم لکھیے۔

(ii) مسلمانوں کی قومیت کی بنیاد کیا ہے؟

(iii) پرستان کے پھلوں کی خاص بات کیا تھی؟

(iv) عید الفطر کا ہماری تہذیبی اور دینی زندگی سے کیا تعلق ہے؟

(v) سبق "نام دیو مالی" کے مصنف کے نزدیک اچھا انسان کیسے بنا جا سکتا ہے؟

(vi) شاعر نے نظم "کسان" میں کسان کے گھر لوٹنے کی جو تصویر کشی کی ہے اسے دو سطروں میں لکھیں۔

(vii) "اُونٹ کی شادی" نظم میں شاعر نے "نیا گل کھلانے" کا ذکر کر کے کس طرف اشارہ کیا ہے؟

(viii) شاعر جگر مراد آبادی کے نزدیک ہوش اور بے خودی کے ملنے سے دنیا کے کاروبار کیسے سنورتے ہیں؟

**5۔ کسی ایک نثری سبق کا خلاصہ لکھیے۔** 5

(الف) پرستان کی شہزادی (ب) علی بخش

**6۔ کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے۔** 15

(i) عیدین (ii) شہری زندگی کے مسائل (iii) ترقی کرنے کے اصول

**7۔ درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیئے گئے سوالات کے جوابات لکھیے۔** 10 = 5 x 2

قائدِ اعظمؒ ہمیشہ سے ایمان دار، باہمت، نڈر اور مستقل مزاج انسان تھے۔ اُن کا دامن لالچ اور ہوس سے پاک تھا۔ وہ کسی جج یا ساتھی وکیل سے اپنی شان کے خلاف کوئی لفظ سننا پسند نہیں کرتے تھے۔ نامساعد حالات میں گھبراتے نہیں تھے اور نہ کبھی دغا اور فریب سے کام لیتے تھے۔ اُن کی سیاست صاف ستھری اور پاکیزہ تھی۔ وہ سیاسی مقاصد حاصل کرنے لیے توڑ پھوڑ اور خلافِ قانون اقدامات کے سخت مخالف تھے۔ جس بات کو حق سمجھتے، اس کے بارے میں کسی سے سمجھوتا نہیں کرتے تھے اور نہ ہی مصلحت کوشی سے کام لیتے تھے۔ خوش پوشی کا انھیں بے حد شوق اور سلیقہ تھا جو آخر تک قائم رہا۔ ہندوستان کے کتنے ہی وائسرایوں نے ان کی خوش پوشی کی تعریف کی۔ ان کی زندگی کے آخری چند سالوں میں ان کی شہرت بامِ عروج پر پہنچ گئی تھی۔ پاکستان کا قیام ان کا عظیم کارنامہ ہے۔

سوالات:۔

(i) قائدِ اعظمؒ عام زندگی میں کیسے انسان تھے؟

(ii) قائدِ اعظمؒ کی سیاست کس طرح دوسروں کے لیے مثال ہے؟

(iii) ہندوستان کے اکثر وائسرائے قائدِ اعظمؒ کے کس وصف سے متاثر تھے؟

(iv) قائدِ اعظمؒ کا عظیم کارنامہ کیا ہے؟

(v) اِس عبارت کا مناسب عنوان تحریر کیجیے۔



www.pakcity.org

PAPER CODE NUMBER: 3021

2023 (1st-A)

رول نمبر ________

سیکنڈری سکول امتحان پارٹ - II ( جماعت دہم )

MTN-1-23

اردو ( لازمی ) گروپ - پہلا

وقت = 20 منٹ

کُل نمبر = 15

## حصہ معروضی

نوٹ۔ ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ دائروں کو پُر نہ کرنے کی صورت میں کوئی نمبر نہیں دیا جائے گا۔ اس سوالیہ پرچہ پر سوالات ہرگز حل نہ کریں۔

سوال نمبر 1۔

(1) قومیت کی تشکیل کی بنیادیں ہیں۔
(A) ایک (B) دو (C) تین (D) چار

(2) پرستان سے سیدانی بی کو انعام میں کیا ملا؟
(A) روپیا پیسا (B) جواہرات (C) زمرد (D) کنکر پتھر

(3) سجاد حیدر یلدرم نے وفات پائی۔
(A) لکھنؤ میں (B) دہلی میں (C) کراچی میں (D) کلکتہ میں

(4) علامہ محمد اقبال اپنی بیٹی منیرہ کو پیار سے کہا کرتے تھے۔
(A) منی (B) منھی (C) بانو (D) بلی

(5) مرزا صاحب کے پہلے ناول کا نام بتائیں۔
(A) خواب ہستی (B) یاسمین (C) مذہب اور باطنیت (D) چوری چھپے

(6) مرزا غالب نے اپنے خط میں " مجتہد العصر " کسے کہا ہے؟
(A) میر سرفراز حسین (B) میر افضل علی (C) میر نصیر الدین (D) میر مہدی حسین مجروح

(7) " فرشتہ " کا درست تلفظ ہے۔
(A) فَرَشْتَہ (B) فَرِشْتَہ (C) فِرِشْتَہ (D) فِرَشْتَہ

(8) فاطمہ کی مُشتِ خاک کا ذرہ ذرہ ہے۔
(A) مبارک (B) معصوم (C) پاکیزہ (D) پیارا

(9) کس کے گردِ سر سہرا بہار کا پیام ہے؟
(A) سہرے (B) دولہا (C) جالور (D) مُشتر

(10) جگر مراد آبادی کا اصل نام ہے۔
(A) علی سکندر (B) فضل الحسن (C) عزیز جہاں (D) مراد علی

(11) آفت کا مارا فقیر کتنے بچوں کا باپ تھا؟
(A) تین (B) پانچ (C) سات (D) نو

(12) " ندیم ہنسا " گرامر کی رو سے ہے۔
(A) فعل (B) فعل تام (C) فعل متعدی (D) فعل لازم

(13) " اخلاق " کا درست تلفظ ہے۔
(A) اَخِلاقْ (B) اَخْلَاقْ (C) اِخُلَاقْ (D) اِخْلَاقْ

(14) " اگر وہ پھونک مارتا " یہ جملہ گرامر کی رو سے ہے۔
(A) ماضی قریب (B) ماضی تمنائی (C) ماضی شکیہ (D) ماضی مطلق

(15) " کارخانہ " گرامر کی رو سے ہے۔
(A) اسم تنکیر (B) اسم آلہ (C) اسم ظرف (D) اسم مصدر

www.pakcity.org

2023 (1st-A)

رول نمبر ________

## سیکنڈری سکول امتحان پارٹ - II ( جماعت دہم )

اردو ( لازمی ) گروپ - پہلا MTN-1-23 وقت = 2.10 گھنٹے

کل نمبر = 60

### حصہ انشائیہ

### حصہ اول

نوٹ۔ جوابی کاپی پر وہی سوال نمبر اور جزو نمبر درج کیجیے جو کہ سوالیہ پرچے میں درج ہے۔

2۔ درج ذیل اجزا میں سے نظم کے تین اور غزل کے دو اشعار کی تشریح کیجیے۔ 10 = 5 x 2

" حصہ نظم "

(i) نظامِ آسمانی ہے اُسی کی حکمرانی سے — بہارِ جاودانی ہے اُسی کی باغبانی سے

(ii) جھیلیں گے دکھ جھیلنے والے، اب ہے کام ہمارا — ایک رہیں گے، ایک رہے گا، ایک ہے نام ہمارا

(iii) سمجھ لیا تھا جسے جانور سواری کا — وہ اونٹ بوجھ اٹھائے گا ذمہ داری کا

(iv) یوں تو میرے شہر میں سڑکیں کئی ہیں لازوال — لیکن اک ایسی سڑک بھی ہے نہیں جس کی مثال

" حصہ غزل "

(v) ایک مدت سے تری یاد بھی آئی نہ ہمیں — اور ہم بھول گئے ہوں تجھے، ایسا بھی نہیں

(vi) پہنچ جائیں گے انتہا کو بھی حسرت — جب اس راہ کی ابتدا ہو گئی ہے

(vii) جلنا تو چراغوں کا مقدر ہے ازل سے — یہ دل کے کنول ہیں کہ بجھے ہیں نہ جلے ہیں

### حصہ دوم

3۔ درج ذیل اقتباسات کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے۔ 10 = 5 + 5

(الف) عید کا تصور مسلمانوں کے ہاں محض تہوار منانے اور آپس کے میل جول بڑھانے پر منحصر نہیں بلکہ اس خوشی کا رشتہ ہماری اقدار میں بہت دور تک جاتا ہے، جس سے عید کے بارے میں اُردو شعرا کی تخلیقات کو ایک سمت ہی نہیں ملتی بلکہ ان کا تعلق ہمارے اخلاقی رویوں کے ساتھ اتنا گہرا ہے کہ ہماری شعری روایات میں یہ عمل صرف یک طرفہ مناظر کشی تک جا کر ختم نہیں ہوتا۔ عید کی شاعری ہماری شعری روایات کا ایک اہم اور ناقابلِ فراموش حصہ ہے۔

(ب) جب سے ہم دونوں کا ایک دوسرے سے سابقہ ہوا، آپ کی خدمات (احسانات) کی تعداد، مقدار اور قدر و قیمت میری ان چھوٹی موٹی باتوں سے کہیں زیادہ ہیں، جو آپ سے میں نے کبھی کبھار کی ہوں گی۔ آپ کی شرافت، قابلیت اور دیرینہ وضع داری کا مجھے جو احساس ہے، میرا خیال ہے کہ آپ کے لیے کسی دوست، عزیز اور بزرگ سے کم نہیں ہے۔ ان نظام خطبات کو شہرت دینے اور کامیاب بنانے میں آپ کا گراں قدر حصہ ہے۔

4۔ درج ذیل سوالات میں سے پانچ کے مختصر جوابات تحریر کیجیے۔ 10 = 5 x 2

(i) کتاب '' گنجینۂ گوہر '' کے مصنف کا نام لکھیں مرزا محمد سعید کی کسی ایک کتاب کا نام لکھیں۔

(ii) مسلم لیگ کب قائم ہوئی؟ جنگِ آزادی کب لڑی گئی؟

(iii) عید الفطر کا ہماری تہذیبی اور دینی زندگی سے کیا تعلق ہے؟

(iv) چغل خور نے کسان کی بیوی کو کیا کہہ کر بدگمان کیا؟

(v) عباس کا خواب سن کر دوستوں نے کون سے وعدے کیے؟

(vi) ہیئت کے اعتبار سے نظم '' میدانِ کربلا میں گرمی کی شدت '' کو کیا کہیں گے؟ اس نظم کے شاعر کا نام بھی تحریر کریں۔

(vii) شاعر مزدور کس کو کہتے ہیں؟ '' جہانِ دانش '' کس مشہور شخصیت کی آپ بیتی ہے؟

(viii) مقطع کی تعریف کریں اور شعر کے ذریعے ایک مثال بھی دیں۔

5۔ کسی ایک نثری سبق کا خلاصہ لکھیے۔ 5

(الف) نظریۂ پاکستان (ب) ملمّع

6۔ کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے۔ 15

(i) زمزم (ii) علامہ محمد اقبالؒ (iii) سائنس کے کرشمے

7۔ درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیے۔ 10 = 5 x 2

مختلف انسان مختلف زبانیں بولتے ہیں۔ زبانوں کو ان کے ماہروں نے مختلف خاندانوں پر تقسیم کر رکھا ہے۔ ان میں دو خاندان بہت مشہور ہیں۔ ایک سامی اور دوسرا آریائی۔ سامی خاندان میں عربی اور عبرانی وغیرہ زبانیں شامل ہیں۔ آریائی خاندان میں نہ صرف پاکستان اور ہندوستان کی بہت سی زبانیں شامل ہیں بلکہ یونانی، اطالوی، جرمن، فرانسیسی اور انگریزی زبانوں کا شمار بھی اسی خاندان میں ہوتا ہے۔ دراصل آریائی خاندان زبانوں کا بہت بڑا خاندان ہے اور اس سلسلے کا کوئی دوسرا خاندان اس کی وسعت کی برابری نہیں کر سکتا۔ زبانوں کے آریائی خاندان کی شعاعیں پاکستان، ایران، انگلستان اور یورپ کے مختلف ممالک تک پھیلی ہوئی ہیں۔

سوالات۔ (i) زبانوں کے دو مشہور خاندان کون کون سے ہیں؟

(ii) عربی اور انگریزی زبانوں کس خاندان سے تعلق رکھتی ہیں؟

(iii) آریائی خاندان کی جن زبانوں کا اوپر ذکر کیا گیا ہے ان کے نام لکھیے۔

(iv) دنیا کے کون کون سے ممالک ایسے ہیں جہاں آریائی خاندان کی زبانیں بولی جاتی ہیں؟

(v) ہماری قومی زبان کس خاندان سے تعلق رکھتی ہے؟

www.pakcity.org

| |
|---|
| PAPER CODE |
| NUMBER: 3022 |

2023 (1st-A)

رول نمبر ____________

سیکنڈری سکول امتحان پارٹ - II (جماعت دہم)

MTN-2-23

اردو (لازمی) گروپ - دوسرا

وقت = 20 منٹ

کل نمبر = 15

## حصہ معروضی

نوٹ۔ ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ دائروں کو پُر نہ کرنے کی صورت میں کوئی نمبر نہیں دیا جائے گا۔ اس سوالیہ پرچہ پر سوالات ہرگز حل نہ کریں۔

سوال نمبر 1۔

| نمبر | سوال | (A) | (B) | (C) | (D) |
|---|---|---|---|---|---|
| (1) | مصنف نے دنیا میں قومیت کی تشکیل کی کتنی بنیادیں بتائی ہیں؟ | ایک | دو | چار | آٹھ |
| (2) | مسلم لیگ کس نے قائم کی؟ | سرسید احمد خاں | نواب محسن الملک | قائداعظمؒ | نواب وقار الملک |
| (3) | سبق ”پرستان کی شہزادی“ کس مصنف کی تحریر ہے؟ | شاہد احمد دہلوی | ہاجرہ مسرور | اشرف صبوحی | سجاد حیدر یلدرم |
| (4) | ۱۸۵۷ء کی جنگِ آزادی کے بعد توجہ کدھر ہوگئی؟ | غزلوں کی طرف | نظموں کی طرف | مرثیے کی طرف | شہر آشوب کی طرف |
| (5) | آفت کا مارا فقیر کتنے بچوں کا باپ تھا؟ | تین | پانچ | سات | نو |
| (6) | رشید احمد صدیقی نے خطوط کس شہر سے بھجوائے؟ | دہلی | علی گڑھ | لاہور | لکھنؤ |
| (7) | مسجد سلیمانیہ کس نے تعمیر کرائی؟ | سلطان مراد | سلطان عبدالحمید | سلیم ثانی | سلطان سلیمان |
| (8) | زمین پر خلقِ خدا کس چیز کو ترس رہی تھی؟ | پانی کو | آبِ خنک کو | ٹھنڈی ہوا کو | بادل کے سائے کو |
| (9) | شاعر نے فاطمہ کو نور کہا ہے۔ | صحرائی | ارضی | آسمانی | جنت |
| (10) | ”دل تو ست کر“ کس سے ملتا ہے؟ | کج ادا سے | دربا سے | خوش ادا سے | مل کے بھی جو نہیں ملتا |
| (11) | درست اعراب کی نشاندہی کیجیے۔ | مَصَوَّرُ | مُضَوَّرَ | مُصَوِّرَ | مُصَوِّرُ |
| (12) | درست اعراب کی نشاندہی کیجیے۔ | اَخْلَاقُ | آخلاق | اِخْلَاقُ | اَخلُاقَ |
| (13) | گرامر کی رو سے اسم جامد ہے۔ | لڑائی | چٹائی | پڑھائی | چٹائی |
| (14) | گرامر کی رو سے اسم آلہ ہے۔ | چاقو | غبارہ | آم | کار |
| (15) | گرامر کی رو سے اسم صوت ہے۔ | چڑیا | چھم چھم | غلیل | جہاز |

www.pakcity.org

رول نمبر ____________

2023 (1st-A)

سیکنڈری سکول امتحان پارٹ - II ( جماعت دہم )

اردو ( لازمی ) گروپ - دوسرا MTN-2-23 وقت = 2.10 گھنٹے

کل نمبر = 60

## حصہ انشائیہ

### حصہ اول

نوٹ۔ جوابی کاپی پر وہی سوال نمبر اور جزو نمبر درج کیجیے جو کہ سوالیہ پرچے میں درج ہے۔

2۔ درج ذیل اجزا میں سے نظم کے تین اور غزل کے دو اشعار کی تشریح کیجیے۔ 10 = 5 x 2

"حصہ نظم"

(i) اُسی نے ایک حرفِ کُن سے پیدا کر دیا عالم — کشاکش کی صدائے ہاؤ ہُو سے بھر دیا عالم

(ii) اپنے صحرا میں بہت آہو ابھی پوشیدہ ہیں — بجلیاں برسے ہوئے بادل میں بھی خوابیدہ ہیں!

(iii) لہر جاتا ہے رگِ خاشاک میں جس کا لہو — جس سے دل کی آنچ بن جاتی ہے سیلِ رنگ و بو

(iv) سوچتا رہتا ہوں کب میرے وظیفے کی طرح — اس کی بدحالی کا آتا ہے حکومت کو خیال

"حصہ غزل"

(v) آدمی آدمی سے ملتا ہے — دل مگر کم کسی سے ملتا ہے

(vi) بات یہ ہے کہ سکونِ دلِ وحشی کا مقام — کُنجِ زنداں بھی نہیں وسعتِ صحرا بھی نہیں

(vii) یہ تو نہ دوستی ہے، بُرے ہیں کہ بھلے ہیں — دوچار قدم ہم بھی ترے ساتھ چلے ہیں

### حصہ دوم

3۔ درج ذیل اقتباسات کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے۔ 10 = 5 + 5

(الف) مسلمانوں نے ہمیشہ رواداری کو اپنا شیوہ بنایا ہے لیکن جب کفر والحاد مذہب حاصل کرنا چاہتا ہے تو مسلمان اس کے مقابلے کے لیے ڈٹ کر کھڑا ہو جاتا ہے۔ بادشاہ اکبر کی بے جا رواداری اور غلط سیاست میں ہندوؤں کے عمل دخل کی وجہ سے ملک میں کافرانہ طور طریقے اس قدر رائج ہو گئے تھے کہ مسلمانوں کی آزادی خود ان کے دینی معاملات میں بھی ختم ہو گئی تھی۔

(ب) فنِ خطاطی کے مظہر کی حیثیت سے قرآن کریم کی وہ آیات توپ کاپی میں موجود ہیں، جو مشہور خطاطوں کی ہنرمندی کے نمونے کی حیثیت سے عالمی شہرت رکھتی ہیں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سیرت و سوانح پر نسخ میں ایک اہم مخطوطہ بھی توپ کاپی میں موجود ہے۔

4۔ درج ذیل سوالات میں سے پانچ کے مختصر جوابات تحریر کیجیے۔ 10 = 5 x 2

(i) ہوش اور بے خودی کے ملنے سے دنیا کے کار کیسے سنورتے ہیں؟

(ii) "جھیل گئے دکھ جھیلنے والے، اب ہے کام ہمارا" اس مصرعے کا مفہوم بیان کیجیے۔

(iii) کون سی قومیں آسمان سے سرنگوں رہتی ہیں؟

(iv) علم کی طاقت سے کس طرح بندوق کو شکست دی جا سکتی ہے؟

(v) مرزا محمد سعید کس لیے لکھتے تھے؟

(vi) پرستان کے کھانوں کی خاص بات کیا تھی؟

(vii) لڑکی جس وقت بس میں سوار ہوئی، اس کا ماحول کیسا تھا؟

(viii) لوک کہانی کی مختصر تعریف کیجیے۔

5۔ کسی ایک نثری سبق کا خلاصہ لکھیے۔ 5

(الف) استنبول (ب) مرزا محمد سعید

6۔ کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے۔ 15

(i) سائنس کے کرشمے (ii) والدین کی اطاعت (iii) تعلیم نسواں

7۔ درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیے۔ 10 = 5 x 2

اسلام نے لفظ قوم کے معنی بدل دیے ہیں۔ اسلام سے پہلے کے تمام قومی سلسلے، تمام قومی رشتے، نسل یا علاقے سے تعلق رکھتے تھے۔ لیکن اسلام نے لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ کے تحت ایک نیا روحانی بلکہ خدائی قومی رشتہ قائم کر دیا۔ اسلام کسی سے نہیں پوچھتا کہ وہ ترک ہے یا تاجیک، وہ افریقہ کا رہنے والا ہے یا عرب کا، وہ چین کا باشندہ ہے یا جاپان کا، پاکستان میں پیدا ہوا ہے یا ہندوستان میں، وہ کالے رنگ کا ہے یا گورے رنگ کا، بلکہ جس کسی نے اللہ کی توحید اور محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رسالت کو مان لیا وہ ایک رشتے میں بندھ گیا۔ جس سے اچھا اور پیارا رشتہ اور کوئی نہیں ہے۔

سوالات۔ (i) اسلام سے پہلے قومیت کی کیا بنیاد تھی؟

(ii) اسلامی نقطہ نظر سے قومیت کی وسعت بیان کریں۔

(iii) کون سا رشتہ سب سے پیارا رشتہ ہے؟

(iv) گورے مسلمان کو کالے مسلمان پر کیوں فوقیت حاصل نہیں ہے؟

(v) اس عبارت کا عنوان تجویز کیجیے۔

www.pakcity.org

رول نمبر 931938

2022 (A)

سیکنڈری سکول امتحان پارٹ - II ( جماعت دہم )

اردو ( لازمی ) گروپ - پہلا

وقت = 2.10 گھنٹے

کل نمبر = 60

حصہ اِنشائیہ

MTN-G1-22 حصہ اول

نوٹ۔ جوابی کاپی پر وہی سوال نمبر اور جزو نمبر درج کیجیے جو کہ سوالیہ پرچے میں درج ہے۔

2۔ درج ذیل اجزا میں سے نظم کے تین اور غزل کے دو اشعار کی تشریح کیجیے۔ 10 = 5 x 2

" حصہ نظم "

(i) وہ پیغمبرِ ذی وقار آ گیا ہے — بُجھے گا نہ جس کا چراغِ محبت

(ii) پانی تھا آگ، گرمیِ روزِ حساب تھی — ماہی جو سیخِ موج تک آئی، کباب تھی

(iii) جھیل گئے دکھ جھیلنے والے، اب ہے کام ہمارا — ایک رہیں گے، ایک رہے گا، ایک ہے نام ہمارا

(iv) پاکستانی بچے ہیں ہم، امن سے اتنا پیار ہمیں — اپنے اندر کے دشمن سے لڑنا ہے اس بار ہمیں

" حصہ غزل "

(v) مصیبت بھی راحت فزا ہوگئی ہے — تری آرزو رہنما ہو گئی ہے

(vi) یوں تو ہنگامے اٹھاتے نہیں دیوانۂ عشق — مگر اے دوست، کچھ ایسوں کا ٹھکانا بھی نہیں

(vii) اِک شمع بجھائی تو کئی اور جلا لیں — ہم گردشِ دوراں سے بڑی چال چلے ہیں

www.pakcity.org

حصہ دوم

3۔ مندرجہ ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ خط کشیدہ الفاظ کے معانی، سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے۔ 10 = 5 + 5

(الف) انگریزوں نے اپنے قدم جمائے اور ملک میں انتشار پھیل گیا لیکن ایسے گئے گزرے حالات میں بھی قوم کو فروغ دینے اور اسلام کو سربلند کرنے کے لیے کوششیں جاری رہیں۔

(ب) مرحوم کے سانحۂ رحلت پر آپ کو اور ہم سب کو جو صدمہ ہوا ہے، اس کا اندازہ ہم سے، آپ سے زیادہ اور کس کو ہو سکتا ہے۔ مرحوم کے سایۂ شفقت میں آپ زندگی کے مُعظّمات سے بہرہ مند ہوئے اور سب کی نظروں میں ممتاز و مُفتخر ہیں۔ کتنی بڑی یہ سعادت آپ کو نصیب ہوئی۔

4۔ درج ذیل سوالات میں سے پانچ کے مختصر جوابات تحریر کیجیے۔ 10 = 5 x 2

(i) علم کی طاقت سے کس طرح بندوق کو شکست دی جاسکتی ہے؟

(ii) گھر والوں نے عقیل کو ساتھ لے جانے کا مشورہ دیا تو اس پر لڑکی نے کیا جواب دیا؟ مکمل جواب لکھیے۔

(iii) علی بخش کو ایک مربع زمین کہاں اور کیوں الاٹ ہوئی؟

(iv) نام دیو مالی نے انعام لینے سے کیوں انکار کیا؟

(v) استعارہ کی تعریف کریں اور ایک مثال دیں۔

(vi) نظم " کسان " سے طلبہ کیا سبق سیکھتے ہیں؟ دو لائنوں میں جواب دیں۔

(vii) ردیف کی تعریف کریں اور ایک مثال دیں۔

(viii) عباس کا خواب سن کر دوستوں نے کون سے دو عہد کیے؟

5۔ کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔ 5

(الف) پرستان کی شہزادی (ب) نام دیو مالی

6۔ دیئے گئے عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون تحریر کیجیے۔ 15

(i) یوم آزادی (ii) محنت کی برکتیں (iii) تندرستی ہزار نعمت ہے۔

7۔ درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیئے گئے سوالات کے جوابات لکھیے۔ 10 = 5 x 2

ملکہ کی اس دل دوز اور ولولہ انگیز تقریر سے سب امیروں وزیروں کی رگِ حمیت بیدار ہوگئی اور سب نے تہیہ کر لیا کہ وطن کی حفاظت میں اپنے خون کا ایک ایک قطرہ نثار کر دیں گے۔ شاہی فوج کی آمد کی خبریں برابر احمد نگر پہنچ رہی تھیں۔ چاند بی بی نے فوج کی ترتیب و تنظیم کا سارا اہتمام اپنے ہاتھ میں لیا اور سارے انتظام مکمل کر کے دشمن کی آمد کا انتظار کرنے لگی۔ بالآخر شاہی فوج آئی، احمد نگر پر حملہ کیا۔ لیکن احمد نگر والوں نے شاہی فوج کا مقابلہ اتنی ہمت اور دلیری سے کیا کہ اس کے دانت کھٹے ہو گئے۔

سوالات:۔ (i) درج بالا عبارت میں رگِ حمیت سے کیا مراد ہے؟

(ii) فوج کی ترتیب و تنظیم کا سارا اہتمام کس نے اپنے ہاتھ میں لیا؟

(iii) ملکہ کی تقریر نے کیا اثر پیدا کیا؟

(iv) چاند بی بی نے احمد نگر کو بچانے کے لیے کیا تدابیر اختیار کیں؟

(v) شاہی فوج کے حملے کا کیا انجام ہوا؟

PER CODE NUMBER: 3021

2022 (A)

رول نمبر 131888

## سیکنڈری سکول امتحان پارٹ - II (جماعت دہم)

اردو (لازمی) گروپ - پہلا

وقت = 20 منٹ

کل نمبر = 15

### حصہ معروضی

MTN-G1-22

نوٹ۔ ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ دائروں کو پُر نہ کرنے کی صورت میں کوئی نمبر نہیں دیا جائے گا۔ اس سوالیہ پرچہ پر سوالات ہرگز حل نہ کریں۔

سوال نمبر 1۔

(1) درست اعراب کی نشان دہی کریں۔
(A) مُعَطِّرْ (B) مُعُطَرْ (C) مُعَطَّرْ (D) مُعَطَرْ

(2) درست اعراب کی نشان دہی کریں۔
(A) مَحْبَوْبْ (B) مَحْبُوْبْ (C) مَحْبِوْبْ (D) مَحِبُوَبْ

(3) اسم عَلَم کی کتنی اقسام ہیں؟
(A) چار (B) پانچ (C) چھ (D) سات

(4) وہ فعل جس سے کسی کام کا کرنا یا ہونا آئندہ زمانے میں معلوم ہو، کہلاتا ہے۔
(A) فعل ماضی (B) فعل حال (C) فعل مستقبل (D) فعل استمراری

(5) ”عاشر بہادر ہے“ اس جملے میں ”عاشر“ ہے۔
(A) مسند (B) خبر (C) مسندالیہ (D) صفت

(6) اداؔ جعفری کا اصل نام ہے۔
(A) عزیز بیگم (B) عزیز جہاں (C) عزیز فاطمہ (D) عزیز نور

(7) مولانا حسرت موہانی کی غزل کے حوالے سے انتہا تک پہنچنے کی شرط کیا ہے؟
(A) ابتدا کرنا (B) جہدِ مسلسل (C) ایثار (D) چاہت اور محنت

(8) ”مال گودام روڈ“ کس شاعر کی نظم ہے؟
(A) محمود سرحدی کی (B) جمیل الدین عالی کی (C) دلاور فگار کی (D) ضمیر جعفری کی

(9) غالبؔ نے اپنے خط میں میر نصیر الدین کی بیٹی کا کیا نام تجویز کیا؟
(A) عظیم بیگم (B) عظیم النسا بیگم (C) عظیم النسا (D) اعظم النسا

(10) سلطان احمد کتنی عمر میں تخت نشین ہوا؟
(A) چودہ سال (B) پندرہ سال (C) سولہ سال (D) سترہ سال

(11) ڈاکٹر محمد اقبال رات کتنے بجے جانماز پر جا بیٹھتے؟
(A) ایک بجے (B) دو بجے (C) اڑھائی بجے (D) دواڑھائی بجے

(12) باغ کے داروغہ کون تھے؟
(A) سید سراج الحسن (B) مولوی عبدالحق (C) عبدالرحیم فینسی (D) ایوب عباسی

(13) چغل خور نے کیا بتایا کہ کوڑھی کا جسم ہو جاتا ہے۔
(A) نمکین (B) میٹھا (C) کھٹا (D) کڑوا

(14) ”مُلَمَّع“ کس کی تحریر ہے؟
(A) خدیجہ مستور (B) ہاجرہ مسرور (C) سجاد حیدر یلدرم (D) اشرف صبوحی

(15) پروگرام ”دانش کدہ“ میں کتنے دانش ور بلائے جاتے تھے؟
(A) چار (B) تین (C) دو (D) سات

www.pakcity.org

PAPER CODE
NUMBER: 3022

2022 (A)

رول نمبر ____________

## سیکنڈری سکول امتحان پارٹ - II ( جماعت دہم )

اردو ( لازمی ) گروپ ۔ دوسرا

وقت = 20 منٹ

کل نمبر = 15

### حصہ معروضی

MTN-G2-22

نوٹ۔ ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ دائروں کو پُر نہ کرنے کی صورت میں کوئی نمبر نہیں دیا جائے گا۔ اس سوالیہ پرچہ پر سوالات ہرگز حل نہ کریں۔

سوال نمبر 1۔

(1) " قائدِ ملت " اسم عَلَم کی کون سی قسم ہے؟ (A) تخلص (B) خطاب (C) لقب (D) کنیت

(2) بناوٹ کے اعتبار سے اسم کی کتنی اقسام ہیں؟ (A) دو (B) تین (C) چار (D) پانچ

(3) " ٹھنڈا پانی " گرامر کی رو سے کیا ہے؟ (A) مرکب اضافی (B) مرکب عطفی (C) مرکب جاری (D) مرکب توصیفی

(4) درست تلفظ کی نشان دہی کریں۔ (A) مَدَرْسَہٗ (B) مَدْرِسّہ (C) مَدُرَسَہٗ (D) مَدُرْسَہ

(5) درست تلفظ کی نشان دہی کریں۔ (A) تَحَمّلْ (B) تِحَمّل (C) تَحَمُّلْ (D) تِحَمُّلْ

(6) علامہ اقبال کے گہرے دوست سر عبدالقادر کون سا رسالہ نکالتے تھے؟ (A) اردو ڈائجسٹ (B) خیالستان (C) مخزن (D) دل کی بپتا

(7) مشہور کتاب " چند ہم عصر " کے مصنف کون ہیں؟ (A) نام دیو مالی (B) ہاجرہ مسرور (C) مولوی عبدالحق (D) سر سید احمد خان

(8) " شہاب نامہ " کس صنف کی کتاب ہے؟ (A) خاکہ نگاری کی (B) مضامین کی (C) افسانوں کی (D) خودنوشت

(9) رشید احمد صدیقی نے خط میں کس سانحۂ رحلت کا ذکر کیا ہے؟ (A) مولانا ضیاء الدین (B) بیگم محمد حسن (C) سید بشیر الدین (D) بیگم سید بشیر الدین

(10) استنبول کا دوسرا نام ہے۔ (A) قاہرہ (B) مراکش (C) قسطنطنیہ (D) دمشق

(11) مسلم لیگ کب بنائی گئی؟ (A) 1905ء میں (B) 1906ء میں (C) 1907ء میں (D) 1940ء میں

(12) " مجھے میرے دوستوں سے بچاؤ " کے مصنف جس کمرے میں ٹھہرائے گئے اس کی کھڑکی کھلتی تھی۔ (A) باغ میں (B) چٹیل میدان میں (C) پائیں باغ میں (D) دریا کی سمت

(13) نظم " فاطمہ بنت عبداللہ " علامہ اقبال کے کس مجموعۂ کلام سے لی گئی ہے؟ (A) بانگِ درا (B) بالِ جبریل (C) ضربِ کلیم (D) ارمغانِ حجاز

(14) نظم " میدانِ کربلا میں گرمی کی شدت " کی ہیئت کیا ہے؟ (A) ہائیکو (B) مسدس (C) مخمس (D) رباعی

(15) پھولوں کا رنگ محبوب کی کس بات سے ملتا ہے؟ (A) ہنسی سے (B) شکل وصورت سے (C) تازگی اور نزاکت سے (D) خوش پوشی سے

www.pakcity.org

رول نمبر ________

2022 (A)

## سیکنڈری سکول امتحان پارٹ - II ( جماعت دہم )

اردو ( لازمی ) گروپ - دوسرا

وقت = 2.10 گھنٹے

کل نمبر = 60

### حصہ انشائیہ

MTN-G2-22

### حصہ اول

نوٹ۔ جوابی کاپی پر وہی سوال نمبر اور جزو نمبر درج کیجیے جو کہ سوالیہ پرچے میں درج ہے۔

2۔ درج ذیل اجزا میں سے نظم کے تین اور غزل کے دو اشعار کی تشریح کیجیے۔ 10 = 5 x 2

"حصہ نظم"

(i) نظامِ آسمانی ہے اسی کی حکمرانی سے — بہارِ جاودانی ہے اُسی کی باغبانی سے

(ii) پانی تھا آگ، گرمیِ روزِ حساب تھی — ماہی جو سیخ موج تک آئی، کباب تھی

(iii) تازہ انجم کا فضائے آسماں میں ہے ظہور — دیدۂ انساں سے نامحرم ہے جن کی موجِ نور

(iv) جلوۂ قدرت کا شاہد، حسنِ فطرت کا گواہ — ماہ کا دل، مہرِ عالم تاب کا نورِ نگاہ

"حصہ غزل"

(v) آج کیا بات ہے کہ پھولوں کا — رنگ، تیری ہنسی سے ملتا ہے

(vi) یوں تو ہنگامے اٹھاتے نہیں دیوانۂ عشق — مگر اے دوست، کچھ ایسوں کا ٹھکانا بھی نہیں

(vii) جو جھیل گئے ہنس کے کڑی دھوپ کے تیور — تاروں کی خنک چھاؤں میں وہ لوگ چلے ہیں

### حصہ دوم

3۔ مندرجہ ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ خط کشیدہ الفاظ کے معانی، سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے۔ 10 = 5 + 5

(الف) مسلمانوں نے ہمیشہ رواداری کو اپنا شیوہ بنایا ہے لیکن جب کفر والحاد غلبہ حاصل کرنا چاہتا ہے تو مسلمان اس کے مقابلے کے لیے ڈٹ کر کھڑا ہو جاتا ہے۔ بادشاہ اکبر کی بے جا رواداری اور ملکی سیاست میں ہندوؤں کے عمل دخل کی وجہ سے ملک میں کافرانہ طور طریقے اس قدر رائج ہو گئے تھے کہ مسلمانوں کی آزادی خود ان کے دینی معاملات میں بھی ختم ہو گئی تھی۔

(ب) نہ کاغذ ہے، نہ ٹکٹ ہے، اگلے لفافوں میں سے ایک بیرنگ لفافہ پڑا ہے۔ کتاب میں سے یہ کاغذ پھاڑ کر تم کو خط لکھتا ہوں اور بیرنگ لفافے میں لپیٹ کر بھیجتا ہوں۔ غمگین نہ ہونا۔ کل شام کو کچھ فتوح کہیں سے پہنچی ہے۔ آج کاغذ اور ٹکٹ منگالوں گا۔ سہ شنبہ ۸ نو بجے صبح کا وقت ہے۔

4۔ درج ذیل سوالات میں سے پانچ کے مختصر جوابات تحریر کیجیے۔ 10 = 5 x 2

(i) سیدانی بی کا خاندان کیسے تباہ ہوا؟

(ii) نکی کا چہرہ ایک دم کیوں کھل اٹھا؟

(iii) ہر چغل خور کس بات کو ماننے سے انکار کرتا ہے؟

(iv) نام دیو کی موت کا سبب کیا تھا؟

(v) نظم نعت کے آخری شعر میں خضر سے کون سی ہستی مراد ہے؟ اور نعت سے کیا مراد ہے؟

(vi) پاکستانی بچوں کی کسی چیز سے نہ ڈرنے کی وجہ کیا ہے؟

(vii) ہوش اور بے خودی کے ملنے سے دنیا کے کاروبار کیسے سنورتے ہیں؟ (غزل، کلیاتِ جگر)

(viii) شاعر فراق گورکھپوری نے دل میں کس چیز کی کمی کا ذکر کیا ہے؟

5۔ کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔ 5

(الف) مُلَمّع (ب) نام دیو مالی

6۔ دیے گئے عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون تحریر کیجیے۔ 15

(i) سیلاب کی تباہ کاریاں (ii) والدین کی اطاعت (iii) شہری اور دیہاتی زندگی

7۔ درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیے۔ 10 = 5 x 2

انتخابِ کتب ایک اہم مسئلہ ہے۔ اس کے لیے اس طرح کی احتیاط اور غور فکر کی ضرورت ہے جس طرح کہ دوستوں کے انتخاب کے لیے۔ جس طرح ایک اچھے اور نیک چال چلن کا مالک انسان اپنے دوست کو برائی سے بچا لیتا ہے اور ایک بُرا دوست اپنی بدکرداری کی وجہ سے دوسرے دوست کو بھی تباہ کر دیتا ہے اسی طرح اچھی کتابیں دل و دماغ اور عادات و اطوار پر اچھا اثر ڈالتی ہیں اور مخربِ اخلاق اور بے ہودہ کتابیں طبیعت کو برائی کی طرف مائل کرتی ہیں۔ اسی طرح بُری کتابوں کا مطالعہ پڑھنے والے کی اخلاقی موت کا باعث بنتا ہے۔ مشاہیرِ زمانہ کی سوانح عمریاں، سفرنامے، تاریخی اور مذہبی کتب اور جدید معلومات پر لکھی ہوئی کتابوں کا مطالعہ انسان اور خصوصاً طالب علم کے لیے بہت مفید ہے۔ اخلاقی کتابوں کے مطالعے سے اخلاق بلند ہوتا ہے۔

سوالات:- (i) کتابوں کے انتخاب میں کس چیز کی ضرورت ہے؟ (ii) اچھے دوست اور اچھی کتابیں انسان کے چال چلن میں کیا تبدیلی لاتے ہیں؟

(iii) "مخربِ اخلاق" کے معنی لکھیے۔ (iv) بے ہودہ کتابیں پڑھنے سے کیا نقصان ہوتا ہے؟

(v) اخلاقی تربیت کے لیے طلبا کو کون سی کتابیں پڑھنی چاہییں؟

www.pakcity.org

PAPER CODE NUMBER: 3025

2020 (A)

رول نمبر ________

سیکنڈری سکول امتحان پارٹ - II ( جماعت دہم )

اردو ( لازمی ) گروپ - پہلا

وقت = 20 منٹ

MTN-10-G1-20

کل نمبر = 15

## حصہ معروضی

نوٹ۔ ہرسوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہرسوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ دائروں کو پُر نہ کرنے کی صورت میں کوئی نمبر نہیں دیا جائے گا۔ اس سوالیہ پرچہ پر سوالات ہرگز حل نہ کریں۔

سوال نمبر 1۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| (1) | گدلا پانی پودوں کے لئے تھا۔ ( نام دیو مالی ) | (A) ضرر رساں | (B) بے سود | (C) آبِ حیات | (D) مفید |
| (2) | نظم '' فاطمہ بنتِ عبداللہ '' کس شاعر کی تخلیق ہے؟ | (A) علامہ محمد اقبالؒ | (B) حفیظ جالندھری | (C) ظفر علی خاں | (D) احسان دانش |
| (3) | نظم '' کسان '' میں شاعر نے تہذیب کا پروردگار کسے کہا ہے؟ | (A) عالم کو | (B) کسان کو | (C) مزدور کو | (D) معلّم کو |
| (4) | جگر مرادآبادی کے مطابق فتنۂ قیامت کا سلسلہ کس سے ملتا ہے؟ | (A) محبوب کی خوش قامتی سے | (B) خوش ادائی سے | (C) انگڑائی سے | (D) محفل آرائی سے |
| (5) | '' خط لکھا گیا '' میں '' لکھا گیا '' گرامر کی رُو سے کونسا فعل ہے؟ | (A) فعل لازم | (B) فعل ناقص | (C) فعل معروف | (D) فعل مجہول |
| (6) | '' بلندترین '' گرامر کی رُو سے کیا ہے؟ | (A) صفتِ نفسی | (B) صفتِ بعض | (C) صفتِ کل | (D) صفتِ نسبتی |
| (7) | '' معذرت '' کا درست تلفظ ہے۔ | (A) مَعْذَرَت | (B) مُعْذُرَت | (C) مَعْذِرَت | (D) مَعْذُرَتُ |
| (8) | '' معراج '' کا درست تلفظ ہے۔ | (A) مِعْرَاجُ | (B) مِعْرَاج | (C) مَعْرَاج | (D) مَعِرَاجُ |
| (9) | '' ابراہیم ذوقؔ '' میں '' ذوقؔ '' گرامر کی رو سے کیا ہے؟ | (A) خطاب | (B) تخلص | (C) لقب | (D) کنیت |
| (10) | سیدانی بی کا خاندان کیسے تباہ ہوا؟ | (A) سیلاب میں | (B) جاٹ گردی میں | (C) مرہٹہ گردی میں | (D) زلزلے میں |
| (11) | علی بخش کے مطابق ڈاکٹر صاحب خوب پیتے تھے۔ | (A) جوس | (B) چائے | (C) سگریٹ | (D) حُقّہ |
| (12) | پرستان میں پھل دار پودے بڑے تھے۔ | (A) بالشت بھر | (B) چھے فٹ | (C) ایک ایک فٹ | (D) گز بھر |
| (13) | '' مجھے میرے دوستوں سے بچاؤ '' میں مصنف نے کس دوست کو بھڑ بھڑیا دوست کہا ہے؟ | (A) محمد تحسین | (B) احمد مرزا | (C) قرض خواہ دوست | (D) مقدمے باز دوست |
| (14) | '' مُلَمّع '' کس کی تحریر ہے؟ | (A) خدیجہ مستور | (B) اشرف صبوحی | (C) سجاد حیدر یلدرم | (D) ہاجرہ مسرور |
| (15) | اپنے گاؤں کو چھوڑ کر چغل خور کہاں پہنچا؟ | (A) دوسرے شہر | (B) دوسرے گاؤں | (C) بڑے قصبے | (D) دبئی |

www.pakcity.org

**PAPER CODE**

**NUMBER: 3026**

2020 (A)

رول نمبر ____________

## سیکنڈری سکول امتحان پارٹ - II ( جماعت دہم )

اردو ( لازمی )    گروپ ۔ دوسرا

وقت = 20 منٹ

MTN-10-G2-20

کل نمبر = 15

### حصہ معروضی

نوٹ۔ ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ دائروں کو پُر نہ کرنے کی صورت میں کوئی نمبر نہیں دیا جائے گا۔ اس سوالیہ پرچہ پر سوالات ہرگز حل نہ کریں۔

**سوال نمبر 1۔**

| | | (A) | (B) | (C) | (D) |
|---|---|---|---|---|---|
| (1) | گرمی کی شدّت سے پتوں کا رنگ ہوگیا۔ | سرخ | سیاہ | زرد | سفید |
| (2) | فراق گورکھپوری کی غزل کا ماخذ ہے۔ | شعلۂ ساز | شبنمستان | اندازے | حاشیے |
| (3) | اسم کی بناوٹ کے لحاظ سے قسمیں ہیں۔ | دو | تین | چار | پانچ |
| (4) | " شریف " قواعد کی رُو سے ہے۔ | صفت مشبہ | صفت نسبتی | صفتِ بعض | صفتِ کُل |
| (5) | وہ مرکب جس میں اسم کے ساتھ اس کی صفت بھی شامل ہو، اُسے کہتے ہیں۔ | مرکب عطفی | مرکب اضافی | مرکب توصیفی | مرکب عددی |
| (6) | " غلط " کا درست تلفظ ہے۔ | غَلَطْ | غَلّط | غَلْط | غَلِط |
| (7) | " مدرسہ " کا درست تلفظ ہے۔ | مَدَرْسَہْ | مُدَرْسَہْ | مَدْرِسَّہْ | مَدْرَسَہْ |
| (8) | اکبر کے آخری دور میں اسلام کی سربلندی کے لیے کھڑے ہوئے۔ | شاہ ولی اللہؒ | شاہ اسمٰعیلؒ | سیّد احمد بریلویؒ | مجدد الف ثانیؒ |
| (9) | رسالہ " الحمرا " کے بانی ایڈیٹر تھے۔ | سر عبدالقادر | حمید احمد خاں | حامد علی خاں | محمود نظامی |
| (10) | چاندنی چوک میں صدا لگانے والے فقیر کا قد تھا۔ | چھوٹا | لمبا | درمیانہ | متوسط |
| (11) | سبق " مُلَمّع " اصنافِ ادب کے لحاظ سے ہے۔ | افسانہ | ڈراما | ناول | مضمون |
| (12) | چغل خور کام جانتا تھا۔ | کھیتی باڑی کا | معماری کا | لکڑی کا | لوہے کا |
| (13) | مقبرہ رابعہ دورانی واقع ہے۔ | دِلّی میں | دکن میں | لکھنؤ میں | حیدرآباد میں |
| (14) | علی بخش کے مطابق ڈاکٹر صاحب بڑے ______ آدمی تھے۔ | فقیر | درویش | قلندر | مجذوب |
| (15) | نظم " نعت " کے مطابق امداد گار آگیا ہے۔ | غریبوں کا | یتیموں کا | بیواؤں کا | دوعالم کا |

www.pakcity.org

رول نمبر ______________

2020 (A)

## سیکنڈری سکول امتحان پارٹ - II ( جماعت دہم )

اردو ( لازمی ) گروپ ۔ دوسرا

وقت = 2.10 گھنٹے

کل نمبر = 60

MTN-10-G2-20

حصہ اِنشائیہ

### حصہ اول

نوٹ۔ جوابی کاپی پر وہی سوال نمبر اور جزو نمبر درج کیجیے جو کہ سوالیہ پرچے میں درج ہے۔

2۔ درج ذیل اجزا میں سے نظم کے تین اور غزل کے دو اشعار کی تشریح کیجیے۔ 10 = 5 x 2

" حصہ نظم "

(i) زمیں پر جلوہ آرا ہیں مظاہر اس کی قدرت کے
بچھائے ہیں اُسی داتا نے دسترخوان نعمت کے

(ii) سُرخی اُڑی تھی پھولوں سے، سبزی گیاہ سے
پانی کنوؤں میں اُترا تھا سائے کی چاہ سے

(iii) جس کے بازو کی صلابت پر نزاکت کا مدار
جس کے کَس بل پر اکڑتا ہے غرورِ شہر یار

(iv) رونقیں ہی رونقیں ہیں جس طرف بھی دیکھیے
چیخنے لگتے ہیں اس پر شام ہوتے ہی شِغال

" حصہ غزل "

(v) ترے رُتبہ دانِ محبت کی حالت
ترے شوق میں کیا سے کیا ہوگئی ہے

(vi) رُوح کو بھی مزا محبت کا
دل کی ہمسائگی سے مِلتا ہے

(vii) اک شمع بجھائی تو کئی اور جلا لیں
ہم گردشِ دوراں سے بڑی چال چلے ہیں

### حصہ دوم

3۔ درج ذیل اقتباسات کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے۔ 10 = 5 + 5

(الف) آخر جب سارا کام اُن کی مرضی کے مطابق ہوگیا، تو مَیں نے کہا: " حضور! خدا نے مجھے سُرخ رُو کیا۔ مولا نے میری آبرو رکھ لی۔ سرکار کی شہزادی کی شادی اور شہزادی کو یہ جوڑے پہننے مبارک ہوں۔ اب لونڈی کو رخصت کیجیے۔" بادشاہ بیگم بولی: " سیّدانی بی، ہمارا جی چاہتا ہے کہ شہزادی کی شادی دیکھ کر جاؤ۔" سچ کہوں میرا جی بھر بھر آیا مگر سوچا کہ سیّدانی دیوانی ہوئی ہے؟ تو خاکی یہ آتشی زیادہ میل اچھا نہیں۔

(ب) ایک سال بارش بہت کم ہوئی۔ کنوؤں اور باولیوں میں پانی برائے نام رہ گیا۔ باغ پر آفت ٹوٹ پڑی۔ بہت سے پودے اور پیڑ تلف ہوگئے، جو بچ رہے وہ نڈھال اور مُرجھائے ہوئے تھے جیسے دِق کے بیمار۔ لیکن نام دیو کا چمن ہرا بھرا تھا اور وہ دُور دُور سے ایک ایک گھڑا پانی کا سر پر اُٹھا کر لاتا اور پودوں کو سینچتا۔

4۔ درج ذیل سوالات میں سے پانچ کے مختصر جوابات تحریر کیجیے۔ 10 = 5 x 2

(i) سلطان ٹیپو اپنی جدوجہد میں کیوں کامیاب نہ ہوسکا؟

(ii) تشبیہ کے دو اُرکان کے نام لکھیں۔

(iii) محمد تحسین کی گفتگو کا محور کیا ہوتا ہے؟

(iv) علی بخش کو ایک مربع زمین کہاں اور کیوں اَلاٹ ہوئی؟

(v) علم کی طاقت سے کس طرح بندوق کو شکست دی جاسکتی ہے؟

(vi) نظم " حمد " میں خالق کی کِن مخلوقات کا ذکر ہے؟

(vii) شاعر کے ہاں مصیبت کے راحت فزا ہونے کی کیا وجہ ہے؟

(viii) شاعر نے " حُسنِ فطرت کا گواہ " اور " ماہ کا دل " کسے کہا ہے؟

5۔ کسی ایک نثری سبق کا خلاصہ لکھیے۔ 5

(الف) مرزا محمد سعید (ب) استنبول

6۔ کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے۔ 15

(i) شہری اور دیہاتی زندگی (ii) چاندنی رات (iii) محسنِ انسانیت صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

7۔ درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیئے گئے سوالات کے جوابات لکھیے۔ 10 = 5 x 2

انتخاب کتب ایک اہم مسئلہ ہے۔ اس کے لیے اس طرح کی احتیاط اور غور وفکر کی ضرورت ہے جس طرح کہ دوستوں کے انتخاب کے لیے۔ جس طرح ایک اچھے اور نیک چال چلن کا مالک انسان اپنے دوست کو برائی سے بچالیتا ہے اور ایک برا دوست اپنی بدکرداری کی وجہ سے دوسرے دوست کو بھی تباہ کر دیتا ہے۔ اسی طرح اچھی کتابیں دل ودماغ اور عادات واطوار پر اچھا اثر ڈالتی ہیں اور مخرب اخلاق اور بے ہودہ کتابیں طبیعت کو برائی کی طرف مائل کرتی ہیں۔ اسی طرح بُری کتابوں کا مطالعہ پڑھنے والے کی اخلاقی موت کا باعث بنتا ہے۔ مشاہیرِ زمانہ کی سوانح عمریاں، سفرنامے، تاریخی اور مذہبی کتب اور جدید معلومات پر لکھی ہوئی کتابوں کا مطالعہ انسان اور خصوصاً طالب علم کے لیے بہت مفید ہے۔ اخلاقی کتابوں کے مطالعے سے اخلاق بلند ہوتا ہے۔

سوالات:۔
(i) کتابوں کے انتخاب میں کس چیز کی ضرورت ہے؟
(ii) برا دوست کیا نقصان پہنچاتا ہے؟
(iii) خراب کتابیں پڑھنے سے کیا نقصان ہوتا ہے؟
(iv) طالب علم کے لیے کون سی کتابیں مفید ہیں؟
(v) اس پیراگراف کا مناسب عنوان لکھیے۔

www.pakcity.org

MN-1961

| PAPER CODE NUMBER: 3027 |
|---|

2019 (A)

رول نمبر ________

سیکنڈری سکول امتحان پارٹ - II ( جماعت دہم )

اردو ( لازمی ) ( نیو کورس ) ( سیشن 2016-2018 )

گروپ - پہلا

وقت = 20 منٹ

## حصہ معروضی

کل نمبر = 15

نوٹ۔ ہرسوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ دائروں کو پُر نہ کرنے کی صورت میں کوئی نمبر نہیں دیا جائے گا۔ اس سوالیہ پرچہ پر سوالات ہرگز حل نہ کریں۔

سوال نمبر 1۔

(1) نظم " بہادر بچے " شاعر ______ کی تخلیق ہے۔
(A) ناصر بشیر (B) احسان دانش (C) دلاور فگار (D) حسرت موہانی

(2) " جھیل گئے دکھ جھیلنے والے " سے مراد ہے۔
(A) محنت کش (B) مزدور (C) کسان (D) پاکستان بنانے والے

(3) رشید احمد صدیقی نے ______ شہر سے خطوط بھجوائے۔
(A) دلّی (B) علی گڑھ (C) لاہور (D) لکھنؤ

(4) اسمِ عَلَم کی اقسام ہیں۔
(A) تین (B) پانچ (C) چار (D) چھ

(5) درست تلفظ کی نشاندہی کیجیے۔
(A) مُسّافَر (B) مُسافِر (C) مَسافَرۡ (D) مُسّافِرۡ

(6) " عیدگاہ " گرامر کی رو سے ______ ہے۔
(A) ظرفِ زماں (B) ظرفِ مکاں (C) اسمِ صوت (D) اسمِ مکبّر

(7) تلاوت کا درست تلفظ ______ ہے۔
(A) تِلَاوَت (B) تَلَاوَت (C) تَلَاوِت (D) تِلَاوِت

(8) وہ اسم جو خود تو کسی سے نہ بنے لیکن اس سے بہت سے اسم بنیں کہلاتا ہے۔
(A) اسمِ جامد (B) اسمِ مصدر (C) اسمِ مشتق (D) اسمِ فاعل

(9) سبق " نام دیو مالی " کتاب ______ سے لیا گیا ہے۔
(A) چند ہم عصر (B) مقدمات عبدالحق (C) خطبات عبدالحق (D) بزم خوش نفساں

(10) چغل خور ______ کام جانتا تھا۔
(A) لکڑی کا (B) لوہے کا (C) معماری کا (D) کھیتی باڑی کا

(11) سبق " ملمع " کے ماخذ کا نام ______ ہے۔
(A) وہ لوگ (B) ہائے اللہ (C) سب افسانے میرے (D) چوری چھپے

(12) مرزا محمد سعید نے گورنمنٹ کالج لاہور سے ______ کی سند لی۔
(A) بی اے (B) ایم اے تاریخ (C) ایم اے انگریزی ادب (D) ایم اے اردو

(13) سبق " اردو ادب میں عیدالفطر " کتاب ______ سے لیا گیا ہے۔
(A) مقالاتِ تحقیق (B) کلاسیکی ادب کا تحقیقی مطالعہ (C) اردو نثر کے میلانات (D) تنقیدی مطالعے

(14) علامہ محمد اقبالؒ پیار سے اپنی بیٹی کو کہا کرتے تھے۔
(A) مُنّی (B) مانو (C) رانو (D) بانو

(15) ذاتِ باری تعالیٰ کی شان نظر آتی ہے۔
(A) سردوگرم میں (B) خشک وتر میں (C) اجالے اور تاریکی میں (D) ان سب میں

www.pakcity.org

رول نمبر MN-19611

2019 (A)

## سیکنڈری سکول امتحان پارٹ - II ( جماعت دہم )

اردو ( لازمی ) ( نیو کورس ) ( سیشن 2016-2018 ) گروپ - پہلا

وقت = 2.10 گھنٹے — حصہ انشائیہ — کل نمبر = 60

### حصہ اول

نوٹ۔ جوابی کاپی پر وہی سوال نمبر اور جزو نمبر درج کیجیے جو کہ سوالیہ پرچے میں درج ہے۔

2۔ درج ذیل اجزا میں سے نظم کے تین اور غزل کے دو اشعار کی تشریح کیجیے۔ 10 = 5 x 2

" حصہ نظم "

(i) غریبوں کی جاں کو، یتیموں کے دل کو — سکوں ہوگیا ہے، قرار آگیا ہے
(ii) آبِ خنک کو خلق، ترستی تھی خاک پر — گویا ہوا سے آگ برستی تھی خاک پر
(iii) یہ کلی بھی اس گلستانِ خزاں منظر میں تھی — ایسی چنگاری بھی یا رب اپنی خاکستر میں تھی
(iv) جھیل گئے دکھ جھیلنے والے اب ہے کام ہمارا — ایک رہیں گے، ایک رہے گا، ایک ہے نام ہمارا

" حصہ غزل "

(v) آج کیا بات ہے کہ پھولوں کا — رنگ، تیری ہنسی سے ملتا ہے
(vi) سر میں سودا بھی نہیں، دل میں تمنا بھی نہیں — لیکن اس ترکِ محبت کا بھروسا بھی نہیں
(vii) جو جھیل گئے ہنس کے کڑی دھوپ کے تیور — تاروں کی خنک چھاؤں میں وہ لوگ چلے ہیں

### حصہ دوم

3۔ درج ذیل اقتباسات کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے۔ 10 = 5 + 5

(الف) یہاں یہ سمجھ لینا ضروری ہے کہ دنیا میں قومیت کی تشکیل کی دو بنیادیں رہی ہیں: ایک وہ جو مغربی مفکرین نے قائم کی ہے دوسری وہ جو رسول مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی قائم کی ہوئی ہے۔ اہلِ مغرب نے خاندانی، نسلی اور قبائلی بنیادوں میں ذرا وسعت پیدا کر کے قومیت کی بنیادیں جغرافیائی حدود پر استوار کیں اور کہا کہ قوم وطن سے بنتی ہے۔

(ب) ہر شخص میں قدرت نے کوئی نہ کوئی صلاحیت رکھی ہے۔ اس صلاحیت کو درجۂ کمال تک پہنچانے کی ساری نیکی اور بڑائی ہے۔ درجۂ کمال تک نہ کبھی کوئی پہنچا ہے، نہ پہنچ سکتا ہے۔ لیکن وہاں تک پہنچنے کی کوشش ہی میں انسان، انسان بنتا ہے۔ یہ سمجھو کندن ہوجاتا ہے۔ حساب کے دن جب اعمال کی جانچ پڑتال ہوگی، خدا یہ پوچھے گا کہ میں نے جو استعداد تجھ میں ودیعت کی تھی، اسے کمال تک پہنچانے اور اس سے کام لینے میں تُو نے کیا کِیا؟

4۔ درج ذیل سوالات میں سے پانچ کے مختصر جوابات تحریر کیجیے۔ 10 = 5 x 2

(i) محمد تحسین کی گفتگو کا محور کیا ہوتا ہے؟
(ii) شاہد احمد دہلوی کہاں پیدا ہوئے اور ان کے دادا کا نام کیا تھا؟
(iii) چغل خور نے کسان کی بیوی کو کیا کہہ کر بدگمان کیا؟
(iv) لڑکی سفر کیوں کر رہی تھی؟
(v) عید الفطر کا ہماری تہذیبی اور دینی زندگی سے کیا تعلق ہے؟
(vi) احسان دانش کا اصل نام کیا تھا؟ ان کا سالِ ولادت بھی تحریر کیجیے۔
(vii) نظم " اونٹ کی شادی " کو مدِنظر رکھتے ہوئے لکھیے کہ نکیل پڑنے سے شاعر کی کیا مراد ہے؟
(viii) شاعر نے سر اور دل میں کس چیز کی کمی کا ذکر کیا ہے؟

5۔ کسی ایک نثری سبق کا خلاصہ لکھیے۔ 5

(الف) نظریۂ پاکستان (ب) نام دیو مالی

6۔ کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے۔ 15

(i) وقت کی پابندی (ii) تحریک پاکستان (iii) شہری زندگی کے مسائل

7۔ درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیے۔ 10 = 5 x 2

قائدِ اعظمؒ ہمیشہ سے ایمان دار، باہمت، نڈر اور مستقل مزاج انسان تھے۔ ان کا دامن لالچ اور ہوس سے پاک تھا۔ وہ کسی جج یا ساتھی وکیل سے بھی اپنی شان کے خلاف کوئی لفظ سننا پسند نہیں کرتے تھے۔ نامساعد حالات میں گھبراتے نہیں تھے۔ اور نہ کبھی دغا اور فریب سے کام لیتے تھے۔ اُن کی سیاست صاف ستھری اور پاکیزہ تھی وہ سیاسی مقاصد حاصل کرنے کے لیے توڑ پھوڑ اور خلاف قانون اقدامات کے سخت مخالف تھے۔ جس بات کو حق سمجھتے، اس کے بارے میں کسی سے سمجھوتا نہیں کرتے تھے۔ اور نہ ہی مصلحت کوشی سے کام لیتے تھے۔ خوش پوشی کا انھیں بے حد شوق اور سلیقہ تھا۔ جو آخر تک قائم رہا۔ ہندوستان کے کتنے ہی وائسرایوں نے ان کی خوش پوشی کی تعریف کی۔ ان کی زندگی کے آخری چند سالوں میں ان کی شہرت بامِ عروج پر پہنچ گئی تھی۔ پاکستان کا قیام ان کا عظیم کارنامہ ہے۔

سوالات:۔
(i) قائدِ اعظمؒ کس قسم کے انسان تھے؟
(ii) قائدِ اعظمؒ کا سیاسی رویہ کس قسم کا تھا؟
(iii) قائدِ اعظمؒ کا عظیم کارنامہ کون سا ہے؟
(iv) ہندوستان کے وائسرایوں نے قائدِ اعظمؒ کے کس وصف کی تعریف کی ہے؟
(v) اس عبارت کا موزوں عنوان تحریر کیجیے۔

www.pakcity.org

MN-1962

**PAPER CODE**

**NUMBER: 3024**

2019 (A)

رول نمبر ________

## سیکنڈری سکول امتحان پارٹ - II ( جماعت دہم )

**اردو ( لازمی ) ( نیو کورس ) ( سیشن 2016-2018 )** **گروپ - دوسرا**

وقت = 20 منٹ **حصہ معروضی** کل نمبر = 15

نوٹ۔ ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ دائروں کو پُر نہ کرنے کی صورت میں کوئی نمبر نہیں دیا جائے گا۔ اس سوالیہ پرچہ پر سوالات ہرگز حل نہ کریں۔

**سوال نمبر 1۔**

(1) '' کاش وہ محنت کرتا '' جملہ ہے۔
(A) ماضی بعید کا (B) ماضی قریب کا (C) ماضی شکیہ کا (D) ماضی تمنائی کا

(2) '' مدرسہ '' کا درست تلفظ ہے۔
(A) مَدرَسہ (B) مِدرَسہ (C) مَدرِسہٗ (D) مُدرسہٗ

(3) '' شکر '' کا درست تلفظ ہے۔
(A) شُکرَ (B) شُکُر (C) شَکُرُ (D) شُکُرُ

(4) خواجہ حسن نظامی نے دِلّی کے جو نوحے لکھے اس میں ______ نمایاں ہے۔
(A) عظمتِ رفتہ (B) احساسِ شادمانی (C) عید کا ذکر (D) لطف وسُرور

(5) سبق '' علی بخش '' ______ کی تحریر ہے۔
(A) سجاد حیدر یلدرم (B) مولوی عبدالحق (C) قدرت اللہ شہاب (D) ہاجرہ مسرور

(6) ترکی کے سلطان محمد ثالث کا بڑا بیٹا سلطان احمد تخت نشین ہوا۔
(A) 10 سال کی عُمر میں (B) 14 سال کی عُمر میں (C) 18 سال کی عُمر میں (D) 20 سال کی عُمر میں

(7) لڑکی نے کس کلاس کا ٹکٹ خریدا؟
(A) فرسٹ کلاس (B) سیکنڈ کلاس (C) تھرڈ کلاس (D) سلیپر

(8) ایک دن پاکستانی بچے قیام کریں گے۔
(A) منزل پر (B) راستے میں (C) دشت میں (D) گھر میں

(9) گدلا پانی پودوں کے لیے تھا۔
(A) ضرر رساں (B) آبِ حیات (C) بے سُود (D) مفید

(10) اکبر کے دور میں دین کی سربلندی کے لیے ______ نے سختیاں جھیلیں۔
(A) حضرت مجدد الف ثانیؒ (B) شاہ ولی اللہؒ (C) سید احمد بریلویؒ (D) شاہ اسمٰعیل شہیدؒ

(11) نظم '' مال گودام روڈ '' شاعر کے پیشِ نظر لکھنے کا مقصد ______ ہے۔
(A) طنز برائے اِصلاح (B) تنقید برائے تنقید (C) مزاح (D) مبالغہ آرائی

(12) کسان کی انگلیاں دن کے وقت رہتی ہیں۔
(A) ہل کی ہتھی پر (B) حُقے کی نے پر (C) خاک کی نبض پر (D) بانسری پر

(13) غزل کے پہلے شعر کو کہتے ہیں۔
(A) قافیہ (B) ردیف (C) مقطع (D) مَطلع

(14) '' تنک '' قواعد کی رو سے ہے۔
(A) اِسم (B) فعل (C) حرف (D) کلمہ

(15) مصدر کی اقسام ہیں۔
(A) دو (B) تین (C) چار (D) پانچ

www.pakcity.org

رول نمبر ________

2019 (A)

سیکنڈری سکول امتحان پارٹ - II ( جماعت دہم )

اردو ( لازمی ) ( نیو کورس ) ( سیشن 2016-2018 ) گروپ ۔ دوسرا

وقت = 2.10 گھنٹے حصہ انشائیہ کل نمبر = 60

## حصہ اول

نوٹ۔ جوابی کاپی پر وہی سوال نمبر اور جزو نمبر درج کیجیے جو کہ سوالیہ پرچے میں درج ہے۔

2۔ درج ذیل اجزا میں سے نظم کے تین اور غزل کے دو اشعار کی تشریح کیجیے۔ 10 = 5 x 2

" حصہ نظم "

(i) سُرخی اُڑی تھی پھولوں سے، سبزی گیاہ سے — پانی کنوؤں میں اُترا تھا سائے کی چاہ سے

(ii) ہے کوئی، ہنگامہ تیری تربت خاموش میں — پل رہی ہے ایک قوم تازہ اس آغوش میں

(iii) لہر کھاتا ہے رگِ خاشاک میں جس کا لہو — جس کے دل کی آنچ بن جاتی ہے سیلِ رنگ و بُو

(iv) سوچتا رہتا ہوں کب میرے وظیفے کی طرح — اس کی بدحالی کا آتا ہے حکومت کو خیال

" حصہ غزل "

(v) پہنچ جائیں گے انتہا کو بھی حسرت — جب اس راہ کی ابتدا ہوگئی ہے

(vi) آج کیا بات ہے کہ پھولوں کا — رنگ، تیری ہنسی سے مِلتا ہے

(vii) سر میں سودا بھی نہیں، دل میں تمنا بھی نہیں — لیکن اس ترکِ محبت کا بھروسہ بھی نہیں

## حصہ دوم

3۔ درج ذیل اقتباسات کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے۔ 10 = 5 + 5

(الف) مسلمانوں نے ہمیشہ رواداری کو اپنا شیوہ بنایا ہے لیکن جب کفر والحاد غلبہ حاصل کرنا چاہتا ہے تو مسلمان اس کے مقابلے کے لیے ڈٹ کر کھڑا ہو جاتا ہے بادشاہ اکبر کی بے جا رواداری اور ملکی سیاست میں ہندوؤں کے عمل دخل کی وجہ سے ملک میں کافرانہ طور طریقے اس قدر رائج ہو گئے تھے کہ مسلمانوں کی آزادی خود ان کے دینی معاملات میں بھی ختم ہوگئی تھی۔

(ب) جب ڈاکٹر صاحب نے دَم دیا ہے میں ان کے بالکل قریب تھا۔ صبح سویرے میں نے انہیں فروٹ سالٹ پلایا اور کہا کہ اب آپ کی طبیعت بحال ہو جائے گی، لیکن عین پانچ بج کر دس منٹ پر ان کی آنکھوں میں ایک تیز نیلی نیلی سی چمک آئی اور زبان سے اللہ ہی اللہ نکلا۔ میں نے جلدی سے ان کا سر اٹھا کر اپنے سینے پر رکھ لیا اور انہیں جھنجھوڑنے لگا لیکن وہ رخصت ہو گئے۔

4۔ درج ذیل سوالات میں سے پانچ کے مختصر جوابات تحریر کیجیے۔ 10 = 5 x 2

(i) مرزا صاحب کی معرکۃُ الآرا کتاب کا نام اور مرتبہ بیان کریں۔

(ii) سبق " مجھے میرے دوستوں سے بچاؤ " میں محمد شاکر خان کا مختصر تعارف بیان کیجیے۔

(iii) چغل خور کو اپنی بری عادت سے کیا نقصان اٹھانا پڑا؟

(iv) " توپ کا پی " میوزیم کا تعارف اپنے الفاظ میں بیان کیجیے۔

(v) " خطوط کا جواب عموماً ہم روزہ دیتا ہوں " اس سے کیا مراد ہے؟

(vi) نظم " جیوے جیوے پاکستان " میں " جھیل گئے دکھ جھیلنے والے اب ہے کام ہمارا " اس مصرے کا مفہوم لکھیے۔

(vii) شاعرہ ادا جعفری شامل نصاب غزل کے مطلع میں کس بات پر نازاں ہے؟

(viii) نظم " فاطمہ بنتِ عبداللہ " میں فاطمہ نامی لڑکی کی کس جنگ میں شہادت ہوئی اور وہ کون سا کام کر رہی تھی؟

5۔ کسی ایک نثری سبق کا خلاصہ لکھیے۔ 5

(الف) پرستان کی شہزادی (ب) مرزا محمد سعید

6۔ درج ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے۔ 15

(i) ماں باپ کے ساتھ سلوک (ii) ایک دلچسپ سفر (iii) برسات کا موسم

7۔ درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیے۔ 10 = 5 x 2

سکون کے وقت سُمندر کا دیدار آنکھوں کو فرحت بخشنے والی چیز ہے۔ تختۂ جہاز پر کھڑے ہو کر دیکھیں تو لہروں کا ایک لاتعداد سلسلہ نظر آتا ہے جو ہوا کے نرم نرم جھونکوں کے اثر سے سُمندر پر قریب قریب ہر وقت آتے رہنے سے ایک دوسرے کے پیچھے حلقے بناتا چلا جاتا ہے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ لہریں ایک دوسرے کے پیچھے دوڑ رہی ہیں۔ صبح کے وقت جب آفتاب نکلتا ہے اور اُچھلتی ہوئی لہروں کے سفید جھاگ پر اس کی کرنیں پڑتی ہیں تو قوسِ قزح کے سارے رنگ ان کے تختوں پر چمک جاتے ہیں اور دور اُفق کے قریب تو سنہری روپہلی فرش بچھا ہوا نظر آتا ہے گویا شاہِ خاور کے خیر مقدم کے لیے سامان ہو رہا ہے۔

سوالات:۔ (i) سکون کے وقت سُمندر کا نظارہ کیسا ہوتا ہے؟ (ii) تختۂ جہاز سے سُمندر کیسا نظر آتا ہے؟

(iii) صُبح کے وقت سُمندر کا منظر کیسا ہوتا ہے؟ (iv) دُور اُفق پر کیا نظر آتا ہے؟

(v) شاہِ خاور کے خیر مقدم سے کیا مراد ہے؟

PAPER CODE
NUMBER: 3027

2018 (A)

رول نمبر ________

سیکنڈری سکول امتحان پارٹ - II ( جماعت دہم )

اردو ( لازمی ) ( نیو کورس ) ( سیشن 2016-2018 ) گروپ - پہلا

وقت = 20 منٹ

حصہ معروضی

کل نمبر = 15

نوٹ۔ ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ Bubbles پُر نہ کرنے کی صورت میں کوئی نمبر نہیں دیا جائے گا۔ اس سوالیہ پرچہ پر سوالات ہرگز حل نہ کریں۔

سوال نمبر 1۔

(1) ____ بھی راحت فزا ہوگئی ہے۔ (A) رنج (B) ناکامی (C) حسرت (D) مصیبت

(2) وہ لفظ جس کے کچھ معنی نہ ہوں، کہلاتا ہے۔ (A) کلمہ (B) مہمل (C) موضوع (D) حرف

(3) نیک لڑکی میں " نیک " گرامر کی رو سے ہے۔ (A) اسم ذات (B) اسم نکرہ (C) اسم صفت (D) اسم ضمیر

(4) " شاہ سوار " گرامر کی رو سے ہے۔ (A) اسم مصغر (B) اسم مکبّر (C) اسم ظرف (D) اسم جامد

(5) " محقق " کا درست تلفظ ہے۔ (A) مَحَقَّق (B) مُحَقَّق (C) مَحَقِّق (D) مُحَقِّق

(6) " معذرت " کا درست تلفظ ہے۔ (A) مَعْذَرَت (B) مُعْذِرَت (C) مَعْذِرَت (D) مُعْذِرَت

(7) عالِم کی موت ہوتی ہے۔ (A) طالب علم کی موت (B) حکومت کی موت (C) عالَم کی موت (D) علم کی موت

(8) سبق " نظریۂ پاکستان " کے مصنف کا نام ہے۔ (A) ڈاکٹر سید عبداللہ (B) ڈاکٹر غلام مصطفےٰ خاں (C) سرسید احمد خاں (D) جمیل الدین عالی

(9) قلعے کی بڑی بڑی مغلانیاں، سیّدانی بی کے سامنے۔ (A) کام کرتی تھیں (B) کھڑی رہتی تھیں (C) دم نہ مارتی تھیں (D) کان پکڑتی تھیں

(10) علامہ محمد اقبالؒ پھل پسند کرتے تھے۔ (A) انگور (B) لوکاٹ (C) آم (D) خوبانی

(11) استنبول پر مسلمانوں کا پہلا حملہ ہوا۔ (A) ۶۷۲ء میں (B) ۶۷۱ء میں (C) ۶۷۳ء میں (D) ۶۷۷ء میں

(12) چغل خور کو چغل خور کہا جائے تو وہ۔ (A) لڑ پڑتا ہے (B) بھاگ جاتا ہے (C) ناراض ہو جاتا ہے (D) شرمسار ہوتا ہے

(13) " پون ٹوٹی " (چنگی) معاف تھی۔ (A) ترکاری اور پھل پر (B) اناج اور اُپلے پر (C) غلہ اور ترکاری پر (D) پھل اور اُپلے پر

(14) نظم " نعت " کے مطابق محبوب پروردگار کا پیغام ہے۔ (A) اصولِ محبت (B) غم گساری (C) امانت داری (D) غریب نوازی

(15) فاطمہ بنتِ عبداللہؓ بوقت شہادت جس فریضہ کی ادائیگی میں مصروف تھی۔ (A) پانی پلانے میں (B) مرہم پٹی کرنے میں (C) تیمارداری کرنے میں (D) نماز پڑھنے میں

www.pakcity.org

MTN-10-1-18

2018 (A)

رول نمبر ____________

سیکنڈری سکول امتحان پارٹ - II ( جماعت دہم )

اردو ( لازمی ) ( نیو کورس ) ( سیشن 2016-2018 ) گروپ - پہلا

وقت = 2.10 گھنٹے حصہ اِنشائیہ کل نمبر = 60

## حصہ اول

نوٹ۔ جوابی کاپی پر وہی سوال نمبر اور جزو نمبر درج کیجیے جو کہ سوالیہ پرچے میں درج ہے۔

2۔ درج ذیل اجزا میں سے نظم کے تین اور غزل کے دو اشعار کی تشریح کیجیے۔ 10 = 5 x 2

"حصہ نظم"

(i) اصولِ محبت ہے، پیغام جس کا — وہ محبوبِ پروردگار آ گیا ہے

(ii) پانی تھا آگ، گرمیِ روزِ حساب تھی — ماہی جو سیخِ موج تک آئی، کباب تھی

(iii) شُتر کے گھر میں پیامِ بہار ہے سہرا — کبھی کبھی تو بڑا بے مہار ہے سہرا

(iv) ڈگمگا جاتے ہیں ریڑھے لڑکھڑا جاتی ہے جیپ — واپس آ جائے سلامت سائیکل کی کیا مجال

"حصہ غزل"

(v) یہ وہ راستا ہے دیارِ وفا کا — جہاں بادِ صرصر، صبا ہو گئی ہے

(vi) آج کیا بات ہے کہ پھولوں کا — رنگ، تیری ہنسی سے ملتا ہے

(vii) تھے کتنے ستارے کہ سرِ شام ہی ڈوبے — ہنگامِ سحر کتنے ہی خورشید ڈھلے ہیں

## حصہ دوم

3۔ درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے۔ 10 = 5 + 5

(الف) "اگر اپنی خیر چاہتے ہو تو مرزا صاحب کو منا کر لاؤ" اس کو معلوم نہیں تھا کہ مرزا صاحب پطرس کے استاد ہیں۔ حسبِ دستور اپنی کارروائی دکھانے کے لیے اس نے ان کے مسوّدے میں سے دو ایک فقرے نکال دیے تھے۔ ان فقروں کا نکالنا اس کا نوکری سے نکالے جانے کا پیش خیمہ ہو گیا۔

(ب) گرمی ہو یا جاڑا، دھوپ ہو یا سایا، وہ دن رات برابر کام کرتا رہا۔ اُسے کبھی یہ خیال نہ آیا کہ میں بہت کام کرتا ہوں یا میرا کام دوسروں سے بہتر ہے، اسی لیے اُسے اپنے کام پر فخر یا غرور نہ تھا۔ وہ یہ باتیں جانتا ہی نہ تھا۔ اُسے کسی سے بَیر تھا نہ جلاپا۔ وہ سب کو اچھا سمجھتا اور سب سے محبت کرتا تھا۔

4۔ درج ذیل سوالات میں سے پانچ کے مختصر جوابات تحریر کیجیے۔ 10 = 5 x 2

(i) مسلمانوں کی قومیت کی بنیاد کیا ہے؟

(ii) محمد تحسین کی گفتگو کا محور کیا ہوتا ہے؟

(iii) لڑکی سٹیشن پہنچی تو اس نے سب سے پہلے کیا دیکھا؟

(iv) ایک سینما کے سامنے بھیڑ دیکھ کر علی بخش نے کیا کہا؟

(v) دہشت گردی سے معاشرتی زندگی کس طرح متاثر ہوتی ہے؟

(vi) انسان کو انسان کا عرفان ہونے سے کیا مراد ہے؟

(vii) نبض خاک پر انگلیاں رہنے کا کیا مطلب ہے؟

(viii) شاعر حسرت موہانی کے ہاں مصیبت کے "راحت فزا" ہونے کی وجہ کیا ہے؟

5۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔ 5

(الف) پرستان کی شہزادی (ب) چغل خور

6۔ کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے۔ 15

(i) علامہ محمد اقبالؒ (ii) تندرستی ہزار نعمت ہے (iii) والدین کی اطاعت

7۔ درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیے۔ 10 = 5 x 2

سکون کے وقت سمندر کا دیدار آنکھوں کو فرحت بخشنے والی چیز ہے۔ تختۂ جہاز پر کھڑے ہو کر دیکھیں تو لہروں کا ایک لاتعداد سلسلہ نظر آتا ہے، جو ہوا کے نرم نرم جھونکوں کے اثر سے سمندر پر قریب قریب ہر وقت آتے رہنے سے ایک دوسرے کے پیچھے حلقے بناتا چلا جاتا ہے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ لہریں ایک دوسری کے پیچھے دوڑ رہی ہیں۔ صبح کے وقت جب آفتاب نکلتا ہے اور اچھلتی ہوئی لہروں کی سفید جھاگ پر اس کی کرنیں پڑتی ہیں تو قوسِ قزح کے سارے رنگ دفعتہً شفاف پانی کے تختوں پر چمک جاتے ہیں اور دور افق کے قریب تو سنہری روپہلی فرش بچھا ہوا نظر آتا ہے۔ گویا شاہِ خاور کے خیر مقدم کے لیے سامان ہو رہا ہے۔

سوالات:۔ (۱) سکون کے وقت سمندر کا نظارہ کیسا ہوتا ہے؟

(۲) تختۂ جہاز سے سمندر کیسا نظر آتا ہے؟

(۳) صبح کے وقت سمندر کا منظر کیسا ہوتا ہے؟

(۴) دور افق کے قریب کیا نظر آتا ہے؟

(۵) عبارت کا موزوں عنوان لکھیے۔

MTN-10-1-18



www.paklcity.org

PAPER CODE NUMBER: 3022

2018 (A)

رول نمبر 180344

سیکنڈری سکول امتحان پارٹ - II ( جماعت دہم )

اردو ( لازمی ) ( نیو کورس ) ( سیشن 2016-2018 )

گروپ - دوسرا

وقت = 20 منٹ

## حصہ معروضی

کل نمبر = 15

نوٹ۔ ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ Bubbles پُر نہ کرنے کی صورت میں کوئی نمبر نہیں دیا جائے گا۔ اس سوالیہ پرچہ پر سوالات ہرگز حل نہ کریں۔

سوال نمبر 1۔

(1) انتہا تک پہنچنے کی شرط ہے۔
(A) چاہت اور محنت (B) جہد مسلسل (C) ایثار (D) ابتدا کرنا

(2) جو شخص اس سڑک پر گیا پھر۔
(A) پھسل پڑا (B) کبھی لوٹ کر نہ آیا (C) تھک کر چور ہوا (D) زخمی ہو کر آ گیا

(3) درست تلفظ ہے۔
(A) مَعْذِرَتْ (B) مُعْذِرَتْ (C) مِعْذُرِتْ (D) مَعْذَرَتْ

(4) " سائیں سائیں " گرامر کی رو سے ہے۔
(A) اسم ظرف (B) اسم آلہ (C) اسم صوت (D) اسم مصدر

(5) درست تلفظ ہے۔
(A) جَلُوس (B) جَلُوْس (C) جُلُوْس (D) جَلُوْسْ

(6) فاطمہ بنتِ عبداللہ مجموعہ کلام سے لی گئی ہے۔
(A) بانگِ درا (B) بالِ جبریل (C) ضربِ کلیم (D) ارمغانِ حجاز

(7) " شمس العلماء " گرامر کی رو سے ہے۔
(A) لقب (B) تخلص (C) خطاب (D) کنیت

(8) اسم جامد ہے۔
(A) شہنشاہ (B) مکھڑا (C) تھرمامیٹر (D) اینٹ

(9) مرزا محمد سعید نے گورنمنٹ کالج لاہور سے سند لی۔
(A) بی-اے کی (B) ایم-اے تاریخ کی (C) ایم-اے انگریزی ادب کی (D) ایم-اے اردو ادب کی

(10) سبق " پرستان کی شہزادی " تحریر ہے۔
(A) اشرف صبوحی کی (B) سجاد حیدر یلدرم کی (C) شاہد احمد دہلوی کی (D) ہاجرہ مسرور کی

(11) مصنف جس کمرے میں ٹھہرائے گئے اس کی کھڑکی کھلتی تھی۔
(A) چٹیل میدان کی طرف (B) پائیں باغ میں (C) دریا کی سمت (D) باغ میں

(12) لڑکی نے قلی کو رقم دی۔
(A) دس روپے (B) ایک روپیا (C) پانچ کا نوٹ (D) اٹھنی

(13) چغل خور نے بتایا کہ کوڑھی کا جسم ہو جاتا ہے۔
(A) کھٹا (B) نمکین (C) میٹھا (D) کڑوا

(14) میر مجروح کے خط میں ______ کی بیٹی کی پیدائش کا ذکر ہے۔
(A) میر مجروح (B) میرن (C) شاہ محمد عظیم (D) میر نصیر الدین

(15) پروگرام " دانش کدہ " میں دانشور بلائے جاتے تھے۔
(A) چار (B) تین (C) دو (D) سات

MTN-10-2-18



www.pakcity.org

رول نمبر 18 0323

2018 (A)

# سیکنڈری سکول امتحان پارٹ - II ( جماعت دہم )

## اردو ( لازمی ) ( نیو کورس ) ( سیشن 2016-2018 ) گروپ ۔ دوسرا

وقت = 2.10 گھنٹے — حصہ اِنشائیہ — کل نمبر = 60

## حصہ اول

**نوٹ۔ جوابی کاپی پر وہی سوال نمبر اور جزو نمبر درج کیجیے جو کہ سوالیہ پرچے میں درج ہے۔**

**2۔ درج ذیل اجزا میں سے نظم کے تین اور غزل کے دو اشعار کی تشریح کیجیے۔** 10 = 5 x 2

"حصہ نظم"

(i) وہی خالق ہے دل کا اور دل کے نیک ارادوں کا — وہی مالک ہمارا اور ہمارے باپ دادوں کا

(ii) اُڑتی تھی خاک، خشک تھا چشمہ حیات کا — کھولا ہوا تھا دھوپ سے پانی فرات کا

(iii) بچھڑے ہوؤں کو بکھرے ہوؤں کو اک مرکز پر لایا — کتنے ستاروں کے جُھرمٹ میں سورج بن کر آیا

(iv) مجھے بیاہ کی تصویر بھیج دیں جھٹ پٹ — یہ دیکھنا ہے کہ بیٹھے ہیں آپ کس کروٹ

"حصہ غزل"

(v) میں درماندہ اس بارگاہِ عطا کا — گنہ گار ہوں، اک خطا ہو گئی ہے

(vi) روح کو بھی مزا محبت کا — دل کی ہمسایگی سے ملتا ہے

(vii) آج غفلت بھی ان آنکھوں میں ہے پہلے سے سوا — آج ہی خاطر بیمار شکیبا بھی نہیں

## حصہ دوم

**3۔ درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے۔** 10 = 5 + 5

(الف) چناں چہ 1857ء کی جنگ آزادی میں مسلمانوں نے پھر اپنے قدم جمانے کی کوشش کی لیکن انگریزی اقتدار مستحکم ہو چکا تھا، اس لیے انھیں کامیابی نہ ہوسکی۔ اس زمانے میں سرسید نے مجبوراً انگریزوں سے مفاہمت کو غنیمت جانا اور مسلمان قوم کی اخلاقی اور تہذیبی اصلاح پر توجہ دی اور ان کے دلوں سے احساسِ کمتری کو دور کرنے کی کوشش بھی کی۔

(ب) باغوں میں رہتے رہتے اُسے جڑی بوٹیوں کی بھی شناخت ہو گئی تھی۔ خاص کر بچوں کے علاج میں اُسے بڑی مہارت تھی۔ دور دور سے لوگ اس کے پاس بچوں کے علاج کے لیے آتے تھے۔ وہ اپنے باغ ہی میں سے جڑی بوٹیاں لا کر بڑی شفقت اور غور سے اُن کا علاج کرتا۔ کبھی کبھی دوسرے گاؤں والے بھی اُسے علاج کے لیے بُلا لے جاتے۔ بلا تامل چلا جاتا، مفت علاج کرتا اور کبھی کسی سے کچھ نہیں لیتا تھا۔

**4۔ درج ذیل سوالات میں سے پانچ کے مختصر جوابات تحریر کیجیے۔** 10 = 5 x 2

(i) مرزا صاحب کا سب سے بڑا مشغلہ کیا تھا؟

(ii) سیّدانی بی نے گزر اوقات کے لیے کون سا پیشہ اختیار کیا؟

(iii) کسان نے چغل خور کو کن شرائط پر ملازم رکھا؟

(iv) "بحوالہ خطوطِ غالبؔ" تفتہ نے غالبؔ کو خط کہاں سے لکھا تھا؟

(v) سبق "اٹھ باندھ کمر کیوں ڈرتا ہے" کے حوالے سے دہشت گردی سے معاشرتی زندگی کس طرح متاثر ہوتی ہے؟

(vi) نظم "حمد کے حوالے سے" انسان کو کس فطرت پر پیدا کیا گیا ہے؟

(vii) بحوالہ نظم "کسان" کون سی قوتیں کسان سے سرگوں رہتی ہیں؟

(viii) فراق گورکھپوری کی شاملِ نصاب غزل میں شاعر کو کسی کی یاد کتنے عرصے سے نہیں آئی؟

**5۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔** 5

(الف) نام دیو مالی (ب) استنبول

**6۔ کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے۔** 15

(i) علم کے فائدے (ii) محنت کی برکتیں (iii) دیہاتی زندگی

**7۔ درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیے۔** 10 = 5 x 2

غالبؔ نے القاب و آداب، مزاج پرسی و خیریت نگاری کا قدیم دستور، جس سے سرمو تجاوز کرنا روا نہ رکھا جاتا تھا، بالکل ترک کر دیا۔ یہ بات نہیں کہ یہ باتیں لکھتے ہی نہ تھے، مگر ان قاعدوں کے اور ان کی ترتیب کے پابند نہ تھے۔ القاب و آداب بالکل چھوڑ دیتے اور اوّل سطر سے مضمون شروع کر دیتے تھے، کبھی لکھتے تھے تو نئے مختصر، موزوں القاب لکھتے تھے۔ مثلاً "میاں"۔ "برخوردار"۔ "بندہ پرور"۔ "مہاراج"۔ "پیرومرشد"۔ "بھائی صاحب"۔ اس سے زیادہ لکھا تو "میری جان کے چین میاں سرفراز حسین"۔ "میرے مہربان، میری جان، مرزا تفتہ سخن دان" کبھی یہ سب غائب اور خط اس طرح سے شروع: "صاحب تم کیا چاہتے ہو؟"۔۔۔یا۔۔۔ "مار ڈالا یار تیری جواب طلبی نے"۔ اسی طرح دعا، سلام اور اپنا نام اور تاریخ تحریر لکھنے میں بھی کوئی پابندی نہ تھی۔

سوالات:۔ (۱) آپ کے خیال میں خط کے ضروری حصے / اجزا کیا ہیں؟

(۲) غالبؔ نے کس دستورِ مکتوب نگاری کو ترک کیا؟

(۳) غالبؔ کس طرح کے القاب لکھتے تھے؟

(۴) دی گئی عبارت میں سے غالبؔ کے پسندیدہ القابات میں سے تین القاب تحریر کریں۔

(۵) عبارت کا عنوان تحریر کیجیے۔

MTN-10-2-18



www.pakcity.org